www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار ۔۔۔

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سِراج احمد

جلد نمبر 11 | پیر/13 اپریل 2026ء بمطابق 24 شوال 1447ھ | شمارہ 258 | قیمت 10 روپے

آبنائے ہرمز میں دشمن کو موت کے بھنور میں پھنسا دینگے

ایران کا ٹرمپ کو دوٹوک جواب

اپنی آبی سرحدوں کے دفاع کیلئے پوری طرح تیار ہیں، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ایرانی پاسداران انقلاب

دشمن کی کوئی بھی غلط حرکت اسے مہلک بھنور میں جکڑ لے گی، آبی گزرگاہ پر مکمل کنٹرول حاصل ہے، الجزیرہ کی رپورٹ جاری

تہران(ویب ڈیسک)ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کی دھمکی پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو دوٹوک جواب دیتے ہوئے خبردار کر دیا۔الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے جاری بیان میں واضح کیا گیا کہ آبنائے ہرمز میں دشمن کو موت کے بھنور میں پھنسا دیں گے، آبی گزر گاہ پر مکمل کنٹرول حاصل ہے۔پاسداران انقلاب نے کہا کہ دشمن کی کوئی بھی غلط حرکت اسے مہلک بھنور میں جکڑ لے گی، اپنی آبی سرحدوں کے دفاع کیلئے پوری طرح تیار ہیں، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ امریکی بحریہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کرنے جارہی ہے، آبی گزرگاہ سے کسی بھی جہاز کو گزرنے نہیں دیا جائے گا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے لکھا کہ امریکی بحریہ کو بین الاقوامی سمندر میں ایرانی جہازوں کو روکنے کی ہدایت کر دی، آبنائے ہرمز میں ایران کی بچھائی گئی بارودی سرنگیں تباہ کر دیں گے، پرامن جہازوں پر گولی چلانے والے ایرانیوں کو ہلاک کر دیا جائے گا۔انہوں نے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

ایران اور امریکا کسی معاہدے پر نہ پہنچ سکے

دونوں ممالک کے مذاکراتی وفود واپس روانہ ہوگئے

ہمارے ایران کے ساتھ طویل مذاکرات ہوئے ہیں، لیکن بری خبر یہ ہے کہ ابھی تک حتمی معاہدے تک نہیں پہنچے، اور یہ امریکا سے زیادہ ایران کیلئے بری خبر ہے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس

پاکستان کے عوام کو سلام، امریکا اعتماد حاصل کرنے میں ناکام رہا اب وقت آگیا ہے کہ وہ فیصلہ کریں ہمارا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں یا نہیں؟ سربراہ سپیکر ایرانی وفد پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف

اسلام آباد(ویب ڈیسک)امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ طویل مذاکرات ہوئے، لیکن کسی حتمی معاہدے پر نہیں پہنچے، بغیر کسی ڈیل کے امریکا جارہے ہیں۔نائب امریکی صدر جے ڈی وینس نے مذاکرات کے بعد اسلام آباد میں پریس بریفنگ میں بتایا کہ ہمارے ایران کے ساتھ طویل مذاکرات ہوئے ہیں، لیکن بری خبر یہ ہے کہ ابھی تک حتمی معاہدے تک نہیں پہنچے، اور یہ امریکا سے زیادہ ایران کیلئے بری خبر ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 21 گھنٹے سے مذاکرات جاری ہیں، جن میں مختلف امور پر بات چیت ہو رہی ہے، مذاکرات میں نیک نیتی کے ساتھ شرکت کی اور اپنی شرائط واضح طور پر پیش کی ہیں، ایران نے امریکی شرائط تسلیم نہ کرنے کا انتخاب کیا۔جے ڈی وینس نے کہا کہ کسی ڈیل کے بغیر ہم واپس امریکا جارہے ہیں، ایرانی وفد سے جوہری ہتھیاروں سے متعلق کوئی واضح عزم نہیں سنا، ہمیں واضح اور مثبت تصدیق درکار ہے کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔پریس بریفنگ کے دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا بھی شکریہ ادا کیا، بعدازاں نائب امریکی صدر جے ڈی وینس وفد کے ہمراہ اسلام آباد سے واپس امریکا روانہ ہوگئے۔جبکہ سربراہ سپیکر ایرانی وفد

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

47 سالہ معاملہ حل کرنے میں ایک دو گھنٹے نہیں لگتے، وزیر قانون

پاکستان نے رابطہ کاری سے امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر بٹھا دیا

وفود ایک دن کیلئے آئے تھے لیکن معاملہ آگے بھی بڑھ سکتا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ امریکی و ایرانی وفود ایک دن کیلئے آئے تھے لیکن معاملہ آگے بھی بڑھ سکتا ہے۔اے آر وائی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے اسلام آباد میں جاری امریکا ایران مذاکرات پر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

بلوچستان کے وزیرداخلہ نے کوئٹہ کے سول اسپتال میں ہزار گنجی فائرنگ واقعے کے زخمیوں کی عیادت

ترک صدر طیب اردوان کی اسرائیل پر حملے کی دھمکی

اسرائیل آگ سے کھیلنا بند کرے ورنہ عبرتناک سبق سکھائیں گے، اسرائیل امن عمل کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے سے باز رہے

علاقائی امن کو سبوتاژ کرنے کی قیمت اسرائیل کو چکانا پڑے گی، مذاکرات ناکام ہوئے تو پھر اسرائیل پر حملہ ہمارا فرض ہے

نیتن یاہو خون اور نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم کے خلاف جنگی جرائم کے مقدمات درج کریں گے

خطے میں بڑھتی ہوئی جنگی صورتِ حال انتہائی تشویشناک ہے، لبنان اور ایران پر کوئی بھی حملہ ترکیے پر تصور کیا جائیگا، ترک صدر

انقرہ(ویب ڈیسک)ترک صدر طیب اردوان نے کہا ہے کہ لبنان اور ایران پر کوئی بھی حملہ ترکیے پر حملہ تصور کیا جائے گا۔عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق طیب اردوان کا مشرق وسطیٰ کی صورت حال اور جاری کشیدگی پر اپنے بیان میں کہنا تھا کہ خطے میں بڑھتی ہوئی جنگی صورت حال انتہائی تشویشناک ہے۔انہوں نے کہا کہ اسرائیل آگ سے کھیلنا بند کرے ورنہ عبرتناک سبق سکھائیں گے۔ اسرائیل امن عمل کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے سے باز رہے، لبنان اور ایران پر کوئی بھی حملہ ترکیے پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ترک صدر کا کہنا تھا کہ علاقائی امن کو سبوتاژ کرنے کی قیمت اسرائیل کو چکانا پڑے گی، مذاکرات ناکام ہوئے تو پھر اسرائیل پر حملہ ہمارا فرض ہے، جس طرح ہم کاراباخ اور لیبیا میں داخل ہوئے، اسرائیل میں بھی ایسا ہی کریں گے۔طیب اردوان نے کہا کہ اگر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

سعودی عرب کا آئل ریفائنری کیلئے 10 ارب ڈالر سرمایہ کاری کا امکان

یومیہ پیداواری صلاحیت 4 لاکھ بیرل تک ہوسکتی، منصوبے میں 40 سے 45 فیصد تک شراکت کا امکان

پاکستانی کمپنیوں میں پی ایس او، او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل اور جی ایچ پی ایل شامل ہیں، ذرائع

گوادر(ویب ڈیسک)سعودی عرب کی جانب سے گوادر میں آئل ریفائنری کے قیام کے لیے 10 ارب ڈالر سرمایہ کاری کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق سعودی کمپنی آرامکو کا پاکستانی کمپنیوں کے ساتھ مل کر ریفائنری لگانے کا منصوبہ ہے، اس منصوبے کو 20 سال کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب میٹنگ سے خطاب کررہے ہیں

امن کا قیام صبر، حکمت اور مستقل مزاجی کا تقاضا کرتا ہے، طارق فضل

اسلام آباد(اے پی پی)وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ امن کا قیام فوری نہیں ہوتا بلکہ یہ صبر، حکمت اور مستقل مزاجی کا تقاضا کرتا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

庆祝中巴建交75周年巨星舞会
Star Gala in Celebration of the 75th Anniversary of Diplomatic Relations Between China and Pakistan
ZEEKR
央视频

چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے اسٹار گالا کا انعقاد کیا گیا

امید ہے امریکا، ایران بات چیت، جنگ بندی جاری رکھیں گے، اسحاق ڈار

اسلام آباد(ویب ڈیسک)نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جامع اور تعمیری مذاکرات ہوئے، امید ہے دونوں فریق بات چیت کا عمل اور

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

ایرانی وفد تہران روانہ، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل نے الوداع کیا

ایرانی وفد میں مجلس شوری کے سپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی شامل تھے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ایران کا وفد اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کے بعد تہران واپس روانہ ہوگیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار ،فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر اور قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق، وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی وفد کو الوداع کہا۔ایرانی وفد میں مجلس شوری کے سپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی شامل تھے۔واضح رہے ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسلام آباد

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

تل ابیب میں نیتن یاہو کیخلاف مظاہرہ، تمام جنگیں روکنے کا مطالبہ

مظاہرین نے جنگ روکو، نسل کشی بند کرو کے پلے کارڈز بھی اٹھائے ہوئے تھے

تل ابیب (ویب ڈیسک)اسرائیل میں وزیراعظم نیتن یاہو حکومت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی۔تل ابیب میں مظاہرین نے حکومت کیخلاف احتجاج کیا اور وزیراعظم سے تمام جنگیں روکنے کا مطالبہ کیا۔اس دوران مظاہرین نے جنگ روکو، نسل کشی بند کرو کے پلے کارڈز بھی اٹھائے ہوئے تھے۔دوسری جانب سابق اسرائیلی نائب چیف آف اسٹاف یائیر گولان Yair Golan نے کہا کہ نیتن یاہو دبا میں ہیں، نیتن یاہو جانتے ہیں کہ جنگ کے مقاصد حاصل نہیں ہوئے۔

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

ہمارا نظام انصاف ایک تعفن زدہ لاش بن چکا

حافظ نعیم

مرضی کی ترامیم سے آئین کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے، عدلیہ ہی نہیں انصاف کے پورے نظام کو تباہ کر دیا گیا

ملک آئین و قانون کی بالادستی کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتا، وکلا برادری آئین کی بحالی کے مشن کو لیکر اٹھیں

امیر انصاف خرید لیتا ہے اور غریب انصاف کے لئے ساری زندگی عدالتوں کے دھکے کھاتا ہے، خطاب

لاہور(ویب ڈیسک)امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ہمارا نظام انصاف ایک تعفن زدہ لاش بن چکا ہے۔صوبائی دارالحکومت منصورہ میں لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، لاہور بار، پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن اور پاکستان انٹرنیشنل بزنس فورم کے عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ملک آئین و قانون کی بالادستی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

دشمن بھی تعریف کرنے پر مجبور ہوگیا ہے، فیصل کریم کنڈی

حکومت اور فیلڈ مارشل کی امن کی کوششیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، گورنر کے پی

کوہاٹ (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ حکومت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی امن کی کوششیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔عظیم باغ کوہاٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اس وقت دنیا کی نظریں امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے مذاکرات پر بھی ہوئی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ دوست تو دوست دشمن بھی تعریف کرنے پر مجبور ہوگیا ہے، پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔

تاحال مذاکرات کے اگلے دور کا فیصلہ نہیں ہوا ہے، ایرانی میڈیا

ایران نے بارہا اپنی تجاویز پیش کیں اور امریکی فریق کو حقیقت پسندی کی طرف لانے کی کوشش کی

ہر مرحلے پر امریکہ کے حد سے زیادہ مطالبات نے کسی مشترکہ فریم ورک تک پہنچنے میں رکاوٹ ڈالی

تہران (ویب ڈیسک)ایرانی نے امریکہ کے ساتھ اسلام آباد میں ہونے والے مذاکراتی عمل کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاحال مذاکرات کے اگلے دور کے وقت، مقام اور طریق کار کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔نیم سرکاری نیوز ایجنسی ''تسنیم'' کے مطابق ایرانی پارلیمان کے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

صدر آصف علی زرداری نے ٹنڈو الہ یار میں پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی غلام قادر مری کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

ٹرمپ کا آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی، ایران کو ٹول ادا کرنیوالے جہازوں کو روکنے کا اعلان

امریکی نمائندے مذاکرات میں ایرانی قیادت سے خوشگوار اور باوقار تعلقات قائم کر چکے تھے، لیکن اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا

جوہری معاملے پر اتفاق نہیں ہوسکا، کئی حوالوں سے طے پانے والے نکات فوجی کارروائی جاری رکھنے سے بہتر ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن(ویب ڈیسک)امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی وفد کی اسلام آباد میں ایرانی وفد کیساتھ ملاقات اچھی رہی، بیشتر نکات پر اتفاق ہوگیا مگر جوہری معاملے پر اتفاق نہ ہوسکا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر اسلام آباد مذاکرات کے حوالے جاری پیغام میں کہا کہ امریکی نمائندے مذاکرات میں ایرانی قیادت سے خوشگوار اور باوقار تعلقات قائم کر چکے تھے، لیکن اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا کیونکہ وہ سب سے اہم مسئلے پر سخت موقف پر قائم رہے۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات تقریباً 20 گھنٹے تک جاری رہے، ایران اپنے جوہری عزائم ترک کرنے کے لیے تیار نہیں ہے، کئی حوالوں سے طے پانے والے نکات فوجی کارروائی جاری رکھنے سے بہتر ہیں۔انہوں نے کہا کہ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

اسرائیل کا ظلم اسلامی ممالک کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے

فضل الرحمن

پاکستان 25 کروڑ مسلمانوں کا وطن ہے اس کی عالمی سطح پر اہمیت ہے، ملک کو پوری اسلامی دنیا کی قیادت کرتے دیکھنا چاہتا ہوں

دستور پاکستان اسلامی اصولوں کا تقاضا کرتا ہے، ہمیں آئین جو راستہ دکھاتا ہے اس کے مطابق چلنا چاہیے، سربراہ جے یو آئی

مردان(ویب ڈیسک)سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ اسرائیل کا ظلم اسلامی ممالک کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان 25 کروڑ مسلمانوں کا وطن ہے اس کی عالمی سطح پر اہمیت ہے، ملک کو پوری اسلامی دنیا کی قیادت کرتے دیکھنا چاہتا ہوں، ہم ملکی سرزمین پر مہمانوں کی عزت کرنا جانتے ہیں۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ عالمی طاقتوں کے جبر سے غریبوں پر کیا جانے والا مہنگائی کا ظلم واپس لینا ہوگا، قوم کے اندر خوداعتمادی اور ملک کی قدر و منزلت میں اضافہ دیکھنا چاہتا ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل ناجائز ریاست ہے اس کا خاتمہ امت مسلمہ کی آرزو ہے، یہ دہائیوں سے فلسطین پر ظلم ڈھا رہا ہے، یہ ظلم کرتے کرتے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

پیوٹن کا ایرانی صدر سے ٹیلیفونک رابطہ، مذاکرات پر تبادلہ خیال

ماسکو(ویب ڈیسک) روسی صدر پیوٹن کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی جس میں اسلام آباد میں ہونے والے ایران امریکا مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔روسی خبر ایجنسی کے مطابق دونوں صدور نے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

صدر مملکت کی عراق کا صدر منتخب ہونے پر نزار آمیدی کو مبارکباد

اسلام آباد (ویب ڈیسک)صدر مملکت آصف علی زرداری نے نزار آمیدی کو عراق کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے اور ان کے لیے نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

راولپنڈی:ایک موٹر سائیکل سوار سلنڈر میں گیس بھروا کرلے جارہا ہے

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، بینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

وزیراعظم کا پٹرولیم نرخوں میں مزید کمی کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں 135 روپے اور پٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لٹر کی کمی کی جارہی ہے۔ ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے اور پٹرول کی نئی قیمت 366 روپے ہوگی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج ایک تاریخ ساز موقع پر آپ سے بات کر رہا ہوں۔ خلیج میں اب جنگ نہیں، امن کی بات ہورہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت 520 روپے فی لٹر سے کم ہوکر 385 روپے فی لٹر کردی گئی ہے جبکہ پٹرول کی قیمت میں 12 روپے فی لٹر کمی کی گئی ہے۔ پٹرول کی نئی قیمت 366 روپے فی لٹر ہوگی، جو پہلے 378 روپے فی لٹر تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ موٹر سائیکل، پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے لیے سبسڈی جاری رہے گی۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ مشرق وسطی میں جنگ شروع ہونے کے چوتھے، پانچویں روز پاکستان میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں 55 روپے فی لٹر اضافہ کردیا گیا، جس سے مہنگائی میں، جو پہلے ہی عام آدمی کی کمر توڑے ہوئے تھی، مزید اضافہ ہوگیا۔ لوگ اسی پر واویلا کررہے تھے کہ اگلے ہفتے پٹرول کی قیمت میں مزید 137 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 187 روپے کا بے مہابا اضافہ کردیا گیا، جس سے مہنگائی نے عام آدمی کی قوت خرید میں رہی سہی کسر بھی نکال دی تھی۔ یہ دونوں اضافے عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے مطابقت نہیں رکھتے تھے۔ خصوصی طور پر 55 روپے فی لٹر کا اضافہ اس پٹرولیم کے ذخیرے پر کیا گیا جو 60، 62 ڈالر فی بیرل کے حساب سے خریدا گیا تھا جبکہ مجموعی اضافہ 119 ڈالر بیرل کے تناسب سے کردیا گیا۔ عالمی مارکیٹ میں اتنی قیمت کبھی ہوئی ہی نہیں۔ پھر 137 روپے اضافے سے پٹرول کی قیمت میں مجموعی اضافہ 192 روپے ہوگیا۔ اس پر عوام کی طرف سے شدید ردعمل آیا، کچھ لوگ پیٹتے ہوئے نظر آئے تو مبینہ طور پر آئی ایم ایف کی اجازت سے 80 روپے فی لٹر کمی کردی گئی اور اس میں اب مزید 12 روپے کی کمی کی گئی ہے۔ اس معمولی کمی سے مہنگائی میں بہت بڑی کمی نہیں ہوگی۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں نمایاں کمی سے مہنگائی میں کمی آئے گی۔ دوسری جانب پاکستان منی مزدا گڈز ٹرانسپورٹ نے بھی کرایوں میں 25 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ کی بکنگ نئے کرایہ نامہ کے مطابق ہوگی۔ جتنا اضافہ پٹرول کی قیمت میں کیا گیا تھا، اگر اتنی ہی کمی کی جاتی تو مہنگائی کے ستائے ہوئے لوگوں کو کسی قدر ریلیف مل سکتا تھا۔ مجموعی طور پر کیے گئے اضافے میں 92 روپے کی کمی کی گئی ہے اور 100 روپے اب بھی کیا گیا اضافہ برقرار ہے۔ بڑھائے گئے باقی ماندہ نرخ بھی عوام کی برداشت سے باہر ہیں۔ آج حکومت کے پاس معیشت کو سنبھالنے اور عوام کو ریلیف دینے کا نادر موقع ہے۔ وہ چاہے تو مزید ریلیف دے کر عوام کے دل جیت سکتی ہے۔

اسلام آباد کی عالمی بیٹھک تاریخ ساز لمحے

وزیر احمد جوگیزئی

تاریخ کبھی کبھار ہی کسی قوم یا قیادت کو ایسا نادر اور غیر معمولی موقع ضرور فراہم کرتی ہے، جس کے ذریعے نہ صرف اس قوم کی تقدیر بدلتی ہے بلکہ پوری دنیا کی سمت بھی تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایسے مواقع خوش نصیب لوگوں کے حصے میں آتے ہیں، اور وہی لوگ تاریخ میں اپنا نام سنہری حروف سے رقم کرتے ہیں۔ حالیہ عالمی صورتحال میں پاکستان کی قیادت کو بھی ایسا ہی ایک تاریخی موقع میسر آیا، جسے بروقت اور دانشمندی سے استعمال کیا گیا۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ دنیا ایک مشکل دور سے گزر رہی تھی۔ اگرچہ یہ بحران پوری دنیا پر یکساں نہیں تھا، لیکن یورپ، ایشیا اور افریقہ کے بیشتر خطے شدید بے چینی اور غیر یقینی کیفیت میں مبتلا تھے۔ ایسے میں مشرق وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نے عالمی امن کو مزید خطرے میں ڈال دیا۔ خاص طور پر ایران، جو کئی دہائیوں سے پابندیوں کا شکار ہے، ایک بار پھر عالمی سیاست کے مرکز میں آ کھڑا ہوا۔ ایران کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اسلامی انقلاب کے بعد سے ہی اسے مختلف نوعیت کی پابندیوں کا سامنا رہا۔ ان پابندیوں نے اس کی معیشت، تجارت، اور ٹیکنالوجی تک رسائی کو محدود کر دیا۔ نہ وہ آزادانہ طور پر تیل فروخت کر سکتا تھا اور نہ ہی جدید ٹیکنالوجی حاصل کر سکتا تھا۔ اس کے باوجود، ایران نے اپنی داخلی پالیسیوں کو مضبوط بناتے ہوئے زرعی شعبے میں نمایاں ترقی کی، تعلیمی نظام کو بہتر بنایا، اور اپنے عوام کو خود کفالت کی طرف لے جانے کی کوشش کی۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایران نے ہمیشہ امت مسلمہ کے اتحاد کی بات کی، اور مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ مگر بدقسمتی سے، مسلم دنیا مختلف مسلکی، سیاسی اور علاقائی اختلافات کا شکار رہی۔ شیعہ اور سنی تقسیم نے اس اتحاد کو مزید کمزور کیا، جس کا فائدہ عالمی طاقتوں نے اٹھایا۔ تاہم، حالیہ جنگی صورتحال نے ایک مثبت پہلو بھی اجاگر کیا کہ اس بحران نے کم از کم اس فرقہ وارانہ تقسیم کو کسی حد تک کمزور کیا، اور مسلم دنیا میں اتحاد کی ایک نئی امید پیدا کی۔ اگر مسلمان ممالک اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں، تو وہ ایک ناقابل تسخیر قوت بن سکتے ہیں۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب مسلمان متحد تھے، تو انہوں نے دنیا کے بڑے حصے پر حکمرانی کی۔ سلطنت عثمانیہ اس کی ایک روشن مثال ہے، جس نے یورپ، افریقہ اور ایشیا کے وسیع علاقوں پر اپنی حکمرانی قائم کی۔ وہ دور نہ صرف عسکری لحاظ سے مضبوط تھا بلکہ علمی، ثقافتی اور معاشی ترقی کا بھی سنہری زمانہ تھا۔ مگر اندرونی اختلافات اور بیرونی سازشوں نے اس عظیم سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ آج اگرچہ سلطنت عثمانیہ جیسی ریاست کا قیام ممکن نہیں، مگر مسلم دنیا ایک نئے اتحاد کی بنیاد ضرور رکھ سکتی ہے۔ ایک ایسا اتحاد جو معاشی، دفاعی اور سیاسی لحاظ سے مضبوط ہو، اور جو عالمی سطح پر اپنا موثر کردار ادا کر سکے۔ خاص طور پر عرب دنیا، جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، اگر ایک پلیٹ فارم پر آ جائے تو وہ ایک بڑی طاقت بن سکتی ہے۔ ایسے نازک وقت میں پاکستان کا کردار نہایت اہم رہا۔ پاکستان نے نہ صرف ایک ذمہ دار ریاست کا مظاہرہ کیا بلکہ عالمی سفارتکاری میں بھی اپنی اہمیت کو منوایا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایران کے ساتھ کھڑے ہونے کا فیصلہ کیا، اور ساتھ ہی عالمی طاقتوں کے ساتھ بھی موثر رابطے قائم رکھے۔ یہ پاکستان کی سفارتی کامیابی تھی کہ اس نے ایک بڑی عالمی طاقت کو جنگ بندی پر آمادہ کیا۔ یہ ایک آسان کام نہیں تھا، بلکہ اس کے لیے اعلی درجے کی حکمت عملی، صبر، اور دور اندیشی درکار تھی۔ پاکستان نے نہ صرف اپنے علاقائی مفادات کا تحفظ کیا بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک مثبت کردار ادا کیا۔ یہ موقع پاکستان کی قیادت کے لیے ایک اعزاز بھی ہے اور ایک امتحان بھی۔ اگر اس موقع کو درست انداز میں استعمال کیا جائے، تو پاکستان نہ صرف مسلم دنیا میں بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک مضبوط اور باوقار مقام حاصل کر سکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی داخلی کمزوریوں پر قابو پائیں، سیاسی استحکام کو یقینی بنائیں، اور قومی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دیں۔ ایران کے ساتھ ہونے والی اس جنگ نے جہاں نقصان پہنچایا، وہیں ایک نئی سوچ کو بھی جنم دیا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلم دنیا ایران کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرے۔ معاشی تعاون، تکنیکی مدد، اور سفارتی حمایت کے ذریعے ایران کو دوبارہ مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ یہ نہ صرف ایران کے لیے بلکہ پوری مسلم دنیا کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ اس حوالے سے یہ کہنا بجا ہوگا کہ تاریخ نے ایک بار پھر ہمیں موقع دیا ہے۔ یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہیں یا اسے ضائع کر دیتے ہیں۔ اگر ہم نے اتحاد، بصیرت اور دانشمندی کا مظاہرہ کیا، تو یقیناً ہم ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ اللہ کرے کہ مسلم دنیا اپنے اختلافات کو ختم کر کے ایک نئی راہ پر گامزن ہو، اور پاکستان اس سفر میں ایک رہنما کردار ادا کرے۔ یہی وقت کا تقاضا ہے اور یہی ہماری کامیابی کی ضمانت بھی!!

ایک ذمہ دار افسر۔۔۔۔

منصور مغیری

یہ چند سال پہلے کے واقعات ہیں جو اپنے ناظرین سے شیئر کرنا چاہتا ہوں۔۔۔ میں اس وقت سما ٹی وی میں کام کرتا تھا۔۔۔ میں نے سندھ کے ضلعی اکائنٹس دفاتر میں ہونے والے کرپشن کی داستانیں بتانی شروع کردیں جس پر نیب؛ ایف آئی اے؛ اینٹی کرپشن والے جاگ گئے انہوں نے ملوث افسران کیخلاف کاروائیاں شروع کردیں،، کہیں تو ٹھیک ٹھاک ڈنڈا دیا گیا تو کہیں خانہ پوری کر کے تفتیشی افسران نے مزے لوٹے۔۔۔ اسی اثنا میں ایک بار پھر حیدرآباد میں پینشن اور جی پی فنڈز میں ہونے والے گھپلوں کی نشاندہی کی تو ایک دن سرکاری فون سے کسی ملازم نے کہا کہ آپ سے اکائنٹ جنرل سندھ بات کرنا چاہتے ہیں۔۔۔ مجھے پتا تھا کہ ایک اچھا اور متحرک افسر اے جی سندھ کے عہدے پر فائز ہے لیکن تعلق نہیں تھا۔۔۔ خیر دعا سلام کرنے کے بعد میں نے سوچا کہ خبر پر بحث کریگا کہ آپ کی خبریں ٹھیک نہیں یا کہینگے کہ ہاتھ ہلکا رکھیں اوپر سے ہمیں پریشر آرہے ہیں۔۔۔ خیر ایسے نہ ہوا اور اے جی سندھ جناب غفران میمن صاحب نے گفتگو کی شروعات کرتے کہا کہ میں آپ کی خبریں دیکھ رہا ہوں۔۔۔ آپ کی مہربانی ہے کہ ہمیں آگاہی دے رہے ہیں کہ کہاں کہاں ہمارا اسٹاف اور محکمہ خزانے کا اسٹاف گڑبڑ کر رہا ہے۔۔۔ انہوں نے تعریف کرتے کہا کہ میرے دفتر چکر لگائیں اور آپ کے پاس جو بھی خبریں ہیں وہ ضرور بریک کریں اور مجھ سے بھی شیئر کریں میں وعدہ کرتا ہوں کہ ان کیخلاف کاروائی کرونگا۔۔۔ میمن صاحب کی بات پر یقین تو کیا لیکن ذہن کے گوشے میں بطور صحافی سوال بھی اٹھ رہا تھا کہ مجھے ٹھنڈا کرنے کے لیے تو نہیں کر رہا ہے۔۔۔ دفتر کی دعوت دی مطلب مجھے دانہ ڈال رہا ہے۔۔ خیر میں نے پھر دادو، نوشہرو فیروز، جیکب آباد، سکھر، گھوٹکی، نوابشاہ میں ہونے والے گھپلوں کی خبریں بھی بریک کردیں۔۔۔ پھر کچھ دنوں کے بعد موبائل پر فون کرکے میمن صاحب نے میری خبروں کی نہ صرف تعریف کی بلکہ جن افسران و ملازمین کیخلاف کاروائیاں کیں وہ لیٹرز بھی واٹس اپ کردیے۔۔۔ پھر کہا کہ آپ آئیں میرے دفتر رہنمائی کریں میں ایک بڑا کام کرنے جارہا ہوں۔۔۔ خیر میں کچھ دن رک کر چلا گیا تو بہت گرم جوشی سے ملا اور مجھے کہا کہ آپ کی مہربانی ہے کہ ملازمین کے پینشن اور جی پی فنڈز کے بارے میں آگاہی دی اب چلیں میں آپ کو دکھاتا ہوں کہ ہم نے ایک الگ کاؤنٹر بنایا ہے اور پورے سسٹم کو مینوئل سے ختم کر کے کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں اور پورے سندھ میں یہی کام ہو رہا ہے۔۔۔ مجھے خوشی ہوئی کہ جو ملازمین بیچارے اپنی پینشن اور جی پی کے لیے کئی سالوں سے پریشان تھے اسٹاف والے اپنی منہ مانگی کرتے تھے جو زیادہ رشوت دیتا تھا ان کے زیادہ بل بنا کر دیتے تھے اور جو نہ دیتے تھے انہیں خوار کرتے تھے۔۔۔

غفران میمن صاحب اور محکمہ خزانہ کے سیکریٹری اور موجودہ کمشنر کراچی حسن نقوی صاحب نے مل کر سیپ سسٹم بنوایا تاکہ پینشنرز کا پینشن آن لائن ہوجائے اور چوری کو پکڑا جائے۔۔۔ ذرائع کے مطابق اس عمل سے سالانہ 10 سے 15 ارب روپے کی چوری رک بھی گئی اور پینشنرز کو فائدہ بھی ہونے لگا۔۔۔ کچھ عرصے کے بعد پھر میں میمن صاحب سے ملنے گیا تو وہ بہت خوش تھے کہنے لگے آپ نے ہمیں جگا دیا تو ہم نے یہ کام کردیا میرے لیے خدمت کے ساتھ ثواب کا کام بھی ہے کیونکہ میں نے اپنی والدہ کو پینشن کے لیے پریشان دیکھا تھا اور یہاں ہر پینشنرز خاتون میری ماں کی طرح ہیں مجھے اپنے والدہ کو دیا ہوا وعدہ پورا کرتے بہت سکون مل رہا ہے۔۔۔

کچھ عرصے کے بعد پھر غفران میمن صاحب کو وفاقی حکومت میں تبادلہ کر کے بھیج دیا گیا وہ مختلف عہدوں پر رہنے کے بعد وفاقی سیکریٹری بھی بنے اس کے بعد لیاقت میمن صاحب اکائنٹ جنرل سندھ کے عہدے پر فائز ہوئے اور ان سے کوئی جان پہچان نہیں تھی۔۔۔ ایک دن ایک دوست کا کام نکل آیا تو ہم۔ چلے گئے نئے اے جی سندھ سے ملنے کے لیے تو لیاقت میمن صاحب بہت ہی احترام سے ملے اور بتایا کہ مجھے میرے دوستوں نے بتایا ہے کہ آپ وہ جرنلسٹ ہیں جن کی وجہ سے ہزاروں پینشنرز کا بھلا ہوا ہے میں بھی آپ کا احسان مند ہوں۔۔۔ مجھے بہت خوشی ہوئی کہ ایک سینئر افسر اس طرح یاد کرے۔۔۔ خیر دوست کا مسئلہ بتایا اسی وقت دس منٹ میں حل کر کے دیا اور کہا کہ مہربانی کر کے ہماری رہنمائی ضرور کیا کریں کیونکہ ہمارے ہاں اسٹاف ہمیشہ کہتا ہے سب ٹھیک ہے۔۔۔

یہ دونوں افسران اعلی عہدوں پر پہنچ کر ریٹائرڈ بھی ہوگئے ۔۔۔ غفران میمن صاحب تو ممبر سندھ پبلک سروس کمیشن ہیں باقی لیاقت میمن صاحب کا پتا نہیں۔۔۔ سندھ حکومت چاہے تو غفران میمن صاحب کو کوئی بڑی ذمہ داری دیکر نیک کام لے سکتی ہے ساتھ میں لیاقت میمن صاحب کی خدمات بھی لے سکتے ہیں بجائے سفارشی اور پیس مین رکھنے کے قابل افسران کو اہم ذمہ داریاں دیں تو صوبے کے لیے وہ مفید ثابت ہوسکیں گے۔

گوادر بندرگاہ ابھرتا ہوا عالمی مرکز

صائمہ صدیق

تاریخ بتاتی ہے کہ ہر بڑی ترقی ایک خیال سے جنم لیتی ہے یا ایسا خیال جو طاقت، دیرپا فائدہ اور معاشی استحکام کی بنیاد بنتا ہے۔ وژن رکھنے والے لوگ ان خیالات کو پہچانتے ہیں، جبکہ حقیقی رہنما انہیں عملی شکل دیتے ہیں۔ برصغیر کی مثال لیں تو علامہ اقبال نے ایک آزاد ریاست کا خواب دیکھا اور قائداعظم محمد علی جناح نے اسے حقیقت میں بدل کر پاکستان قائم کیا۔ یہی اصول دنیا بھر کی کامیاب ترقی کی امثال میں نظر آتا ہے۔ آج کے دور میں، خاص طور پر مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کے تناظر میں، گوادر پورٹ ایک بار پھر عالمی توجہ حاصل کر رہا ہے۔ ہمیں بھی اسکا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے اور دنیا بھر کو باور کرانا چاہیے۔ کہ ہم ایک پرامن ملک ہیں اور ہماری بندرگاہ ان کے لئے ایک محفوظ سرمایہ کاری ہے۔ بلوچستان کے ساحل پر واقع یہ گہرے پانی کی بندرگاہ نہ صرف جغرافیائی لحاظ سے اہم ہے بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی تجارت کے لیے ایک اہم رابطہ بھی فراہم کرتی ہے۔ گوادر کی اہمیت کا اندازہ پہلی بار 1954 میں امریکی ماہر ورتھ کونڈرک نے لگایا، جنہوں نے اسے ایک اسٹریٹجک بندرگاہ کے طور پر شناخت کیا۔ بعد ازاں 1958 میں پاکستان نے، وزیراعظم فیروز خان نون کی قیادت میں، عمان سے گوادر کو خرید لیا۔ اس تاریخی معاہدے میں پرنس کریم آغا خان چہارم کی مالی معاونت نے کلیدی کردار ادا کیا، جنہوں نے تقریباً 3 ملین ڈالر فراہم کیے۔ اگرچہ گوادر کی ترقی پر بہت پہلے کام شروع ہوجانا چاہیے تھا پر ایسا نہیں ہوا۔ پھر جی پیک نے یہاں نئے دور کی بنیاد رکھی۔ پر اس کی عملی ترقی کافی بعد میں شروع ہوئی جس کو بہت پہلے ہو جانا چاہیے تھا۔۔ گوادر شروع ہی سے خالصتا ایک کمرشل منصوبے کی بجائے ایک جیوپولیٹیکل منصوبہ تھا۔ بعد میں بندرگاہ کو جدید تقاضوں کے مطابق ایک گہرے سمندر کی گرم پانی کی بندرگاہ کے طور پر ڈیزائن کیا گیا، جو آج گوادر پورٹ اتھارٹی کے تحت کام کر رہی ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور فری زون کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کو بڑھانا ہے۔ گوادر کی ترقی ایک طویل المدتی منصوبہ ہے۔ اس کا پہلا مرحلہ 2006 میں مکمل ہوا، جبکہ 2013 میں اس کا کنٹرول چین اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی کو دیا گیا، جس کے بعد یہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کا اہم حصہ بن گیا۔ اس کے بعد انفراسٹرکچر، تربیتی اداروں اور شہری منصوبہ بندی کے کئی منصوبے مکمل کیے گئے، جو صنعتی اور انسانی ترقی کو سہارا دیتے ہیں۔ موجودہ وقت میں بندرگاہ کی توسیع جاری ہے، جس کے تحت اس کی گہرائی بڑھائی جارہی ہے تاکہ بڑے جہاز آسانی سے لنگر انداز ہوسکیں۔ مستقبل میں گوادر کو صرف ایک بندرگاہ نہیں بلکہ ایک مکمل جدید شہر کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ 2026 تک کی صورتحال میں آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال نے گوادر کی اہمیت کو مزید بڑھا دیا ہے۔ کئی عالمی شپنگ کمپنیاں اب گوادر کو ایک محفوظ اور مؤثر متبادل کے طور پر دیکھ رہی ہیں۔ اس کے نتیجے میں کارگو ٹریفک میں اضافہ ہوا ہے اور تجارتی سرگرمیاں تیز ہوئی ہیں خاص طور پر آبنائے ہرمز میں رکاوٹوں نے گوادر پورٹ کی اہمیت کو نمایاں طور پر تیز کر دیا ہے۔ خلیجی خطے میں جہاز رانی کے راستوں کو غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہے، گوادر علاقائی ترسیل کے لیے ایک اسٹریٹجک متبادل مرکز کے طور پر ابھرا ہے۔ بہت سی بین الاقوامی شپنگ لائنوں نے کارگو کو روایتی خلیجی بندرگاہوں سے ہٹانا شروع کر دیا ہے۔ 2025 اور 2026 کے اوائل میں مشرق وسطی کے بحران کی شدت کے بعد، گوادر پورٹ کا کردار نمایاں طور پر ابھرا ہے -ایک طویل مدتی ترقیاتی اقدام سے علاقائی توانائی کی سلامتی اور ترسیل کے لیے ایک اہم اسٹریٹجک اثاثہ بن گیا ہے۔ یہ تبدیلی چین اور وسطی ایشیائی ممالک کے لیے خاص طور پر اہم ہے، جو تیزی سے متبادل اور محفوظ تجارتی راستوں کی تلاش میں ہیں۔ مزید یہ کہ گوادر چین اور وسطی ایشیائی ممالک کے لیے ایک اہم تجارتی راستہ بن سکتا ہے، جس سے روایتی راستوں پر انحصار کم ہوگا۔ اندازہ ہے کہ مستقبل میں چین کی تیل کی درآمدات کا ایک بڑا حصہ اسی بندرگاہ کے ذریعے ہوسکتا ہے۔ گوادر نہ صرف تجارتی بلکہ دفاعی لحاظ سے بھی اہمیت اختیار کر رہا ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان بحری تعاون اس خطے میں سیکیورٹی کو مضبوط بنا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ گوادر فری زون میں صنعتی ترقی پر بھی تیزی سے کام جاری ہے، جس کا مقصد اسے ایک جدید صنعتی مرکز بنانا ہے کچھ حد تک چین کے شہر شینزین کی طرز پر یہ کام کرے گا۔

مجموعی طور پر، گوادر پورٹ ایک نئے عالمی اقتصادی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے، جو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے ترقی، روابط اور خوشحالی کے نئے دروازے کھول سکتا ہے۔ تاہم یہاں پر بی ایل اے کی جاری دہشتگردی کا مکمل طور کو کچلنا ہوگا تاکہ سرمایہ کاروں کو محفوظ ماحول مل سکے۔ دوسرا بلوچستان میں جاری تمام منصوبوں کا ثمر سب سے پہلے بلوچ عوام کو ملنا چاہیئے کہ وہ خوشحال ہوسکیں۔ اس طرح ہم گوادر کو عالمی طور پر منوا سکیں گے۔

شہر قائد

پاکستان میں پہلی لینڈ فل سائٹ تیار کی گئی ہے، ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ

نئے سینیٹری لینڈ فل سائٹ کے آپریشن کے لیے تین روزہ تربیتی سیشن کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا

کراچی (پ۔ر) ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی کی ہدایت پر نئے سینیٹری لینڈ فل سائٹ جام چاکرو کے آپریشن کے لیے تین روزہ تربیتی سیشن کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا، کنسلٹنٹ فرحان لودھی نے ٹریننگ فراہم کی۔ سیشن میں عملے کو جدید تقاضوں کے مطابق لینڈ فل سائٹ کے مؤثر استعمال اور آپریشن کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی، نئے سینیٹری لینڈ فل سائٹ فعل کرنے کے لئے ایک سیل مکمل ہوگیا ہے جبکہ باقی چار سیل پر کام جاری ہے فی الحال ایک سیل مکمل ہونے کے بعد لینڈ فل سائٹ جدید طرز جلد فعال کردی جائے گی۔ اس سلسلے میں عملے کو آپریشن مینجمنٹ کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کی گئی۔ یہ اقدام صاف ستھرا اور فضلے کے بہتر انتظام کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں پہلی لینڈ فل سائٹ تیار کی گئی ہے جو بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے۔ لینڈ فل سائٹ پر تعمیر و ترقی کا کام مکمل ہونے کے بعد ماحول دوست آپریشن سے نہ صرف ماحول سے آلودگی کا خاتمہ ممکن ہوسکے گا بلکہ 20 ملین ڈالر کاربن کریڈٹ ملنے کی بھی توقع ہے۔ تربیتی سیشن کا بنیادی مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ متعلقہ عملہ معیاری عملی طریقہ کار (SOPs) پر مکمل طور پر عمل کرے اور کچرے کی تلفی کے عمل کو مؤثر اور ماحول دوست طریقے سے انجام دے۔ یہ منصوبہ رواں ماہ باقاعدہ طور پر فعال ہو جائے گا۔ اس منصوبے سے شہر میں کچرے کے بہتر انتظام اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ اس نوعیت کے جدید منصوبے شہری صفائی کے نظام میں بہتری کے لیے نہایت اہم ہیں اور ان کی کامیاب تکمیل سے مستقبل میں مزید مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

معروف مصور وہاب جعفر کے آرٹ ورک پر مبنی سولو نمائش کا افتتاح

وہاب جعفر نہ صرف اعلی درجے کے مصور ہیں بلکہ پاکستانی آرٹ کے لیے ان کا بہت بڑا کردار ہے، احمد شاہ

کراچی (پ۔ر) کراچی کی اوشین آرٹ گیلری میں معروف مصور وہاب جعفر کے آرٹ ورک پر مبنی سولو نمائش ''Meditations of Form'' کا انعقاد کیا گیا، نمائش کا افتتاح صدر آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی محمد احمد شاہ نے کیا اس موقع پر معروف مصور وہاب جعفر بھی ان کے ہمراہ تھے، سولو نمائش میں 45 نایاب فن پارے پیش کئے گئے، جو شائقین فن کی توجہ کا مرکز بنے، نمائش کے کیوریٹر معروف مصور فرخ شہاب تھے، جبکہ مصور شاہد رسام، تنویر فاروقی، سہیل احمد کے علاوہ آرٹسٹوں اور فنون لطیفہ سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد بھی نمائش میں شرکت ہوئی، مہمان خصوصی صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے کہا کہ وہاب جعفر کے پاس پاکستانی آرٹ کا ایک وسیع کلیکشن موجود ہے انہوں نے احمد پرویز کے فن پاروں کا ایک بڑا حصہ وی ایم آرٹ گیلری کو بھی دیا ہے۔ ان کی نمائش کا افتتاح کرنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی صحبتیں بڑے لوگوں کے ساتھ رہیں۔ علی امام اور احمد پرویز کے ساتھ بھی بہت وقت گزارا۔ اسی لیے ان کے کام میں کہیں نہ کہیں احمد پرویز کا اثر بھی نظر آتا ہے، جو ایک فطری بات ہے۔ وہاب جعفر نہ صرف ایک اعلی درجے کے مصور ہیں بلکہ ایک شاندار انسان بھی ہیں۔ بنیادی طور پر ان کا تعلق پاکستان کے ایک بڑے کاروباری گروپ سے رہا مگر انہوں نے اپنی زندگی کو مکمل طور پر فن مصوری کے لئے وقف کردیا۔

اسلام امن، محبت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، مفتی فیض قادری

کراچی (پ۔ر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض احمد قادری نے کہا ہے کہ دین اسلام امن، محبت، برداشت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے اور موجودہ دور میں ان اقدار کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں پھیلتی ہوئی بے چینی، اخلاقی زوال اور فکری انتشار کا بنیادی حل قرآن و سنت کی تعلیمات پر مکمل عمل درآمد میں مضمر ہے۔

انسانی حقوق کا تحفظ ذمہ دار معاشرے کی پہچان ہے، میاں مقصود

کراچی (پ۔ر) الفاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ ایک مہذب اور ذمہ دار معاشرے کی بنیادی پہچان ہے اور اس مقصد کے لیے اجتماعی شعور، ادارہ جاتی مضبوطی اور قانون کی بالادستی ناگزیر ہے۔

صدر آرٹس کونسل احمد شاہ وہاب جعفر کی آرٹ نمائش کا دورہ کر رہے ہیں

فلسطینیوں کو انصاف کب ملے گا، رہنما پاکستان سنی تحریک

غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیل مسلسل خلاف ورزیاں کر رہا ہے، ثروت اعجاز

کراچی (پ۔ر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری اور مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے مشترکہ جاری بیان میں غزہ کی موجودہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کی جانب سے مسلسل خلاف ورزیاں نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ یہ عالمی قوانین، انسانی حقوق اور بین الاقوامی معاہدوں کی کھلی توہین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی کا مقصد خونریزی کو روکنا اور خطے میں امن قائم کرنا ہوتا ہے، مگر اسرائیل نے اس معاہدے کو بھی روندتے ہوئے اپنی روایتی جارحیت کو جاری رکھا ہوا ہے۔ فضائی حملوں، ڈرون کارروائیوں اور زمینی یلغار کے نتیجے میں اب تک سینکڑوں فلسطینی شہید جبکہ ہزاروں زخمی اور بے گھر ہو چکے ہیں۔

ملکی ترقی کے لیے اتحاد، تنظیم اور قانون کی پاسداری ناگزیر ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت مفتی صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ وطن سے محبت ایمان کا حصہ اور ہر شہری کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اتحاد، نظم و ضبط اور قانون کی پاسداری ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ تعلیم، محنت اور مثبت کردار کے ذریعے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط قومیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ عمل، قربانی اور دیانت داری سے بنتی ہیں۔ انہوں نے افواج پاکستان کی بے مثال قربانیوں، پیشہ ورانہ خدمات اور قومی سلامتی کے لیے گرانقدر کردار کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان نے ہر دور میں وطن عزیز کے دفاع، داخلی استحکام اور مشکل حالات میں عوامی خدمت کے لیے نمایاں اور ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے نہ صرف سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا۔

اوشین آرٹ گیلری میں معروف مصور وہاب جعفر کے آرٹ ورک پر مبنی سولو نمائش کا صدر آرٹس کونسل احمد شاہ افتتاح کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

ٹھٹھہ: کیٹی بندر میں منشیات کی ترسیل پر پولیس کی بڑی کارروائی

مرکزی منشیات فروشوں کو بچانے اور کم مقدار ظاہر کرنے پر گڑھو تھانے کے ایس ایچ او اور ہیڈ محرر کو معطل کر کے لائن حاضر

پولیس نے احمد جت جیٹی کے قریب سمندری علاقے سے گٹکا میٹریل اور دیگر منشیات سے بھری ایک کشتی برآمد کی تھی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کے ساحلی علاقے کیٹی بندر میں سمندری راستے سے منشیات کی ترسیل کے معاملے پر پولیس کی جانب سے بڑی کارروائی سامنے آئی ہے۔ منشیات سے بھری کشتی برآمد ہونے کے کیس میں مرکزی منشیات فروشوں کو بچانے اور کم مقدار ظاہر کرنے پر گڑھو تھانے کے ایس ایچ او اور ہیڈ محرر کو معطل کر کے لائن حاضر کر دیا گیا ہے جبکہ ان کے خلاف تحقیقات کا حکم بھی دے دیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ ساجد امیر سدوزئی نے نوٹس لیتے ہوئے گڑھو تھانے کے ایس ایچ او عبدالحمید رودنائی اور ہیڈ محرر یوسف ہنگورو کو معطل کر دیا اور انہیں لائن حاضر ہونے کا حکم دیا، ساتھ ہی ان کے خلاف انکوائری بھی شروع کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز گڑھو اکیٹی بندر پولیس نے احمد جت جیٹی کے قریب سمندری علاقے سے گٹکا میٹریل اور دیگر منشیات سے بھری ایک کشتی برآمد کی تھی، تاہم مقدمے میں صرف 500 کلو گٹکا چورا اور 500 پڑیاں گٹکا ماوا ظاہر کر کے 5 ملزمان کے خلاف کیس درج کیا گیا تھا۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے جب خفیہ تحقیقات کروائیں تو انکشاف ہوا کہ کشتی میں بڑی مقدار میں منشیات موجود تھی جسے بااثر منشیات فروشوں کے حوالے کر دیا گیا، جبکہ صرف تھوڑی مقدار ظاہر کر کے کشتی کے مزدوروں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ مزید یہ کہ خفیہ تحقیقات کے دوران یہ بھی سامنے آیا کہ ٹھٹھہ کی ساحلی پٹی، خاص طور پر گڑھو تھانے کی حدود میں، بڑے پیمانے پر منشیات کے کاروبار میں ملوث مرکزی ملزمان کو پولیس افسران کی سرپرستی حاصل ہے اور انہیں مقدمات سے بچایا جاتا رہا ہے۔ ان انکشافات کے بعد ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او اور ہیڈ محرر کو عہدوں سے ہٹا کر معطل کر دیا، ان سے چارج واپس لے لیا گیا اور انہیں ٹھٹھہ پولیس ہیڈ کوارٹر میں لائن حاضر کر کے باقاعدہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔

میرواہ گورچانی کے دو وارڈز میں انتخابات کی سرگرمیاں اپنے عروج پر پہنچ گئی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سندھ بھر میں ہونے والے بلدیاتی ضمنی انتخاب کے سلسلے میں ٹاؤن کمیٹی میرواہ گورچانی کے دو وارڈز میں انتخابات کی سرگرمیاں اپنے عروج پر پہنچ گئی ہیں جہاں سیاسی گہما گہمی نے شہر کا ماحول خاصا گرم کر دیا ہے۔ مختلف سیاسی دھڑے اور امیدوار اپنی کامیابی یقینی بنانے کے لیے سرگرم عمل ہیں جبکہ جوڑ توڑ، رابطے اور مشاورت کا سلسلہ بھی تیز ہو چکا ہے۔ اس تمام سیاسی منظرنامے میں میرواہ گورچانی کی سیاست کے سینئر اور تجربہ کار کھلاڑی، سابق چیئرمین اور متحرک سابق کونسلر رانا حاجی سلیم اختر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔

لاڑکانہ: مزدور گندم کی فصل کی کٹائی کر رہے ہیں

فہمیدہ لغاری خودکشی کیس میں ایک اور مرکزی ملزم گرفتار

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) فہمیدہ لغاری خودکشی کیس میں پولیس اور حساس اداروں نے اہم پیش رفت کرتے ہوئے ایک اور مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی میرپورخاص فیصل عبداللہ چاچڑ کی ہدایات اور ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی قیادت میں پولیس ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے محمدی میڈیکل یونیورسٹی کے لیکچرار اور مرکزی ملزم عابد لغاری کی گرفتاری کے بعد محمد میڈیکل کالج کے طالب علم عبداللہ کو بھی حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم عبداللہ نائی پاڑہ کا رہائشی ہے اور کیس میں نامزد اہم کرداروں میں شامل تھا۔ کارروائی کے دوران ایس ایچ او سیٹ لائیٹ ٹاؤن انسپکٹر حق نواز جونیجو، انسپکٹر کامران بالیپوٹو، سب انسپکٹر عنایت زرداری اور سب انسپکٹر دانش بھٹی نے حصہ لیا۔

میرپورخاص: سنی رابطہ کونسل کے زیراہتمام اسلام زندہ باد، پاکستان زندہ باد ریلی سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

محکمہ صحت کی نااہلی مزید ایک بچہ خسرہ کے باعث زندگی کی بازی ہار گیا

محراب پور (پاکستان بلیٹن) محکمہ صحت کی نااہلی مزید ایک بچہ خسرہ کے باعث زندگی کی بازی ہار گیا، درجنوں اسپتال میں زیر علاج، کمال ڈیرو، خان واہن اور کچے کے علاقے میں موذی مرض خسرہ نے ڈیرا ڈالا ہوا ہے آج کمال ڈیرو کے نواحی گاؤں محمد بچل گاڈھی میں دو سالہ معصوم بچہ کامران ولد محمد بچل گاڈھی خسرہ کے باعث زندگی کی بازی ہار گیا جبکہ آکاش ولد پرویز گاڈھی زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا اسپتال میں زیر علاج ہے، بارہ روز قبل گاؤں غلام نبی سولنگی میں وبائی مرض خسرہ میں مبتلا 6 سالہ دلبر سولنگی ولد شاہ نواز سولنگی اور 5 سالہ عائشہ بنت آصف سولنگی، درکاس اور آمنہ سولنگی بنت آصف سولنگی محکمہ صحت کی راہ تکتے تکتے زندگی کی بازی ہار گئے، انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیم انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آبزرور کے محمد سلیم مغل اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیم آئی، یو، ڈی، ایچ، آر کے سرفراز نواز کے مطابق میڈیا اور سوشل میڈیا خان واہن، کمال ڈیرو اور کچے کے علاقوں میں وبائی مرض خسرہ کے پھیلاؤ اور چار معصوم بچوں کی اموات کی خبریں شائع ہوئیں لیکن محکمہ صحت سندھ، ضلعی صحت آفیسر نوشہرو فیروز غلام قادر چانڈیو، نے اس موذی مرض سے بچاؤ کے اقدامات نہیں کیئے۔

علمائے ایکشن کمیٹی کے وفد نے رئیس غلام قادر مری مرحوم کے گھر پہنچ کر، اہل خانہ سے تعزیت کی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) علمائے ایکشن کمیٹی میرپورخاص کے وفد نے معروف سماجی و قبائلی شخصیت رئیس غلام قادر مری کے انتقال پر ان کے آبائی گاؤں جا کر اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کی بااثر سیاسی و سماجی شخصیت رئیس غلام قادر مری کا چند روز قبل انتقال ہوگیا تھا۔ تعزیت کے سلسلے میں علمائے ایکشن کمیٹی کے اراکین پر مشتمل وفد ان کے گاؤں پہنچا، جہاں مرحوم کے لواحقین سے ملاقات کر کے ان کے غم میں برابر کے شریک ہوئے وفد کی قیادت امیر مجلس مفتی عبیداللہ انور نے کی۔ اس موقع پر علماء کرام نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی جبکہ اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

محراب پور: آتشزدگی کا واقعہ، پانچ گھر جل کر راکھ ہوگئے

محراب پور (پاکستان بلیٹن) آتشزدگی کا واقعہ، پانچ گھر جل کر راکھ ہوگئے، آتشزدگی کا واقعہ اکری پولیس تھانہ کی حدود گاؤں داد محمد راجپر میں پیش آیا جہاں پر چولہے کی چنگاری سے اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے ارجن بھیل، وزیر بھیل، گوپی بھیل، منگو بھیل، اکیم کے جھونپڑی نما گھروں کو آگ لگ گئی اور فائر بریگیڈ کے نہ پہنچنے پر گھر کر خاکستر ہوگئے متاثرین کے مطابق انکے گھروں کا تمام سامان، فرنیچر، بستر اور اناج تک جل گیا ہے۔

میرواہ گورچانی کی واٹر سپلائی اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیاں

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) نے ٹاؤن کمیٹی میرواہ گورچانی کی واٹر سپلائی اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں، سرکاری املاک میں خرد برد اور جعلی ٹرانسفارمر کی تنصیب کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل میرپورخاص میں درج ایف آئی آر کے مطابق مقدمہ امجد علی شیخ (ایکسین ہیسکو آپریشن ڈویژن میرپورخاص) کی درخواست پر درج کیا گیا جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ واٹر سپلائی پمپ مشینوں پر نصب 200 کے وی اے ٹرانسفارمر اور متعلقہ کنکشنز مشکوک حالت میں پائے گئے۔ ایف آئی اے کے مطابق معمول کی جانچ پڑتال کے دوران موقع پر دو کنکشنز کے ساتھ ایک 200 کے وی اے ٹرانسفارمر نصب پایا گیا جس پر نہ کوئی رجسٹریشن نمبر، سیریل نمبر اور نہ ہی کمپنی کا نام درج تھا۔

بقیہ نمبر 01

پیش پیش ،سندھ پولیس کیتمام یونٹس کو پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں 33 فیصد کمی کرنے کا فوری حکم جاری کردیا گیا۔ کفایت شعاری کے حوالے سے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی جانب سے تمام ایڈیشنل آئی جیز سندھ، ڈی آئی جیز سندھ، تمام ایس ایس پیز، ایس پیز سندھ اور تمام اے آئی جیز سندھ کو حکم نامہ جاری کیا گیا ہے حکم نامہ میں سندھ پولیس کے تمام یونٹس و دفاتر کو پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں نمایاں کمی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ پولیس اسٹیشنز کی پٹرولنگ موبائل اس سے مستثنی ہوگی، ان کا فیول کم نہیں ہوگا۔ حکم نامہ میں ہر یونٹ کو اپنی ضرورت اور آپریشنل ذمہ داریوں کے مطابق فیول پلان بنانے کی ہدایت کی گئی ہے، حکم نامے میں پولیس اسٹیشن کیعلاوہ ہر یونٹس کو چوتھی سہ ماہی میں ماہانہ اخراجات 33 فیصد کم کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ حکم نامہ میں فیول کریڈٹ لمٹ عبور کرنے پرسخت کارروائی ہوگی خلاف ورزی کرنے والے یونٹس ہیڈ اور موٹر ٹرانسپورٹ آفیسر کے خلاف تادیبی کارروائی ہوگی، حکم نامہ میں تمام یونٹس کو 3 دن میں پیٹرولیم مصنوعات سے متعلق نظرثانی منصوبہ جمع کرانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 02

دونوں فریقین پاکستان کی وجہ سے اسلام آباد آنے پر آمادہ ہوئے، دونوں فریقین نے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا، یہ تاریخ کا ایک نیا موڑ ہے، میں سمجھتی ہوں اس لمحے کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ شیری رحمان نے کہا کہ میں سمجھتی ہوں دونوں فریقین کو ایک دوسرے کو سپیس دینی چاہیے، جنگ بندی کے ماحول کو آگے لے جانا اور سپیس دینا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی میز پر پہنچنا ہی بہت بڑا اکنسیشن ہے، اس وقت اسلام آباد کا سٹریٹجک اور سیاسی ماحول بہت اچھا ہے۔

بقیہ نمبر 03

شامل تھی، جس میں پولیس اسکواڈ کا مقابلہ آرمی، واپڈا، ایف آئی اے اور پاکستان ریلوے سمیت قائم شدہ کھیلوں کے محکموں کی مضبوط ٹیموں سے ہوا۔ فتح کے بعد ایک بیان میں انسپکٹر جنرل پنجاب، عبدالکریم نے اسکواڈ کو ان کی غیر معمولی کارکردگی پر مبارکباد دی۔ انہوں نے اس کامیابی کو انتہائی فخر کا باعث قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے باصلاحیت کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی دونوں سطحوں پر محکمے کے لیے اعزاز کا باعث بنتے ہیں۔ انہی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس اسپورٹس بورڈ، ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد، اور چیف اسپورٹس آفیسر، ڈی آئی جی عاطف اسماعیل نے بھی فاتح کھلاڑیوں کو تمغہ جیتنے والی کامیابی پرخراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 04

کہ کئی ممالک کا بائیک پر سفر کرکے اس وقت کراچی آگئی ہوں۔ پاکستانی نژاد برطانوی بائیکر گل افشاں طارق مانچسٹر میں اپنے شوہر اور 3 سالہ بیٹی کے ساتھ رہتی ہیں۔ اس سے قبل اپریل میں برٹش پاکستانی خاتون بائیکر گل افشاں طارق نے موٹرسائیکل پرلندن سے لاہور تک کے تاریخی سفر کا آغاز کیا تھا

بقیہ نمبر 05

سردار سلیم حیدر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سفارتکاری کے باعث امریکہ اور ایران مذاکرات کی میز پر آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی امن کوششوں کو دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے، کامیاب سفارت کاری کا کریڈٹ صدر، وزیراعظم، اور عسکری قیادت کو جاتا ہے، امریکہ اور ایران مذاکرات میں ڈیڈ لاک آیا، تاہم عمل جاری ہے۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ ماضی میں امریکہ نے مذاکرات کے دوران ایران پر حملہ بھی کیا، امریکہ کوخرابی کی طرف ہمیشہ اسرائیل لے کر جاتا ہے۔ سردار سلیم حیدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی تاریخ ہمیشہ کارکنوں کو آگے لانے کی رہی ہے، گورنر آئینی عہدہ ہے، آئین کے مطابق عوام کی خدمت جاری رکھوں گا، گورنر کا عہدہ مستقل نہیں، آنا جانا لگا رہتا ہے، گورنر بننا قیادت کے اعتماد کا نتیجہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئندہ انتخابات میں پیپلز پارٹی کی کارکردگی بہتر ہوگی، آپ کو تین سال پہلے بتار ہا ہوں اور بلاول وزیر اعظم بنیں گے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ یونیورسٹیوں میں سمیسٹر سسٹم ختم کرنے کی تجویز ہے، میں نے تمام یونیورسٹیوں کو لیٹر لکھا کہ سمیسٹر سسٹم کو ختم کیا جائے، جامعات کے پیپرز باہر بنیں اور چیکنگ بھی باہر ہی ہوں۔

بقیہ نمبر 06

پاکستان کی شان دیکھیں کہ ایران، مصر اور یورپی یونین میں پاکستان کے ترانے پڑھے جارہے ہیں، 193 ملکوں کو یہ منظر نصیب نہیں ہوا جو پاکستان کو ہوا۔ ان شا اللہ اکانومی گروتھ بڑھے گی، گوادر اور کراچی پورٹ اپ گریڈ ہوں گے کہ یہاں سرگرمیوں کے باعث جگہ نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام بھی جانتی ہیں کہ ملک بہت اہم کام کر رہا ہے اور لوگ مبارکباد دے رہے ہیں، راولپنڈی اسلام آباد کے بند ہونے پر بھی عوام نے خوش اسلوبی سے سہا کیونکہ یہ پاکستان کے مفاد میں تھا۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی کا مذاکرات سے متعلق کہنا تھا کہ ایٹمی دھماکے کیے جس کہ وجہ سے کوئی پاکستان کی جانب آنکھ اٹھا کرنہیں دیکھ سکتا اور آج پاکستان کی شان دیکھیں کہ آپ امن کے پیامبر بن گئے، یہ کارنامہ اس سے قبل کسی نے دیکھا اور نہ سنا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے کا محفوظ ترین ملک ہے اور یقین رکھیں محفوظ صرف اپنا گھر ہوتا ہے۔ حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ انڈیا کو پیغام ہے اپنے حکمرانوں کو سمجھائیں عوام پر توجہ دیں، وہاں 70 فیصد کو ٹوائلٹ میسر نہیں، دہلی کے چند جگہوں پر ترقی و زندگی نظر آتی ہے، مودی سے کہتا ہوں 10 مئی کو شکست کے زخم چاٹتے تھے، اب آپ اپنا گھر بچائے۔ محکمہ ریلوے کی کارکردگی سے متعلق انکا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ریلوے کی بہتری کے لیے بیل آٹ پیکج دیا ہے، اب نہ بجلی بند ہوگی اور نہ گیس، ریلوے مزید ترقی کرے گا، سفاری ٹرین کو اپ گریڈ کر کے تمام کوچز کو ایئر کنڈیشنڈ کر دیا گیا، مسافروں اور اسٹاف کو مزید سہولیات بھی دے رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ سفاری ٹرین پہلے بھی چلتی تھی لیکن فرق سوچ کا اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کا ہے، سہولت کو سندھ میں بھی شروع کیا ہے۔ راولپنڈی میں سفاری ٹرین کی کسی کوچ میں اے سی نہیں تھا اور عوام کو شدید گرمی میں سفر کرنا پڑتا تھا لیکن ٹرین وکوچز کو اپ گریڈ کرکے ہر کوچ میں اے سی نصب کردیا گیا ہے اور سیٹیں بھی کشن کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 07

کی قوت مدافعت بڑھانے اور صحت مند نشوونما میں مدد کے لیے وٹامن اے کے سپلیمنٹس بھی ملیں گے۔ خاتون اول نے اہم پیش رفت کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ 2025 میں ملک بھر میں رپورٹ ہونے والے 31 کیسز سے اس سال اب تک ریکارڈ کیے گئے صرف ایک کیس تک کیسز میں تیزی سے کمی واقع ہوئی ہے۔ تاہم، انہوں نے خبردار کیا کہ خطرہ باقی ہے، یہ کہتے ہوئے کہ جب تک پولیو وائرس کہیں بھی موجود ہے، یہ ہر جگہ خطرہ ہے۔ انہوں نے چوکسی اور مستقل مزاجی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں پرزور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے علاوہ ہر مہم کے دوران ویکسین لگوانا یقینی بنائیں۔ یہ مہم وائرس کی سرحد پار منتقلی کو روکنے کے لیے افغانستان کے حکام کے ساتھ مل کر چلائی جارہی ہے۔ بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کی لگن کو بھی خراج تحسین پیش کیا، جن کی مسلسل کوششوں کو انہوں نے ہر گھر تک پہنچنے میں پروگرام کی کامیابی کا مرکز قرار دیا۔ اپنی اپیل کا اختتام کرتے ہوئے، انہوں نے "اجتماعی عزم " کا مطالبہ کیا، یہ کہتے ہوئے کہ پولیو کے خاتمے کا ہدف اب پہنچ میں ہے لیکن اس کا انحصار والدین، خاندانوں، برادریوں اور اداروں کی مکمل شرکت پر ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی بچہ غیر محفوظ نہ رہے

بقیہ نمبر 08

بھی جنگ تھی ایران نے پورے مشرق کا دفاع کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ماحول انتہائی خوبصورت ہے اندرونی اختلافات کو ختم کریں۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ اگر کوئی تفرقہ پھیلاتا ہے تو ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے۔

بقیہ نمبر 09

چیک پوسٹ کیمپ پر حملے میں ملوث ہونے کا انکشاف بھی ہوا ہے، حملے میں دہشتگرد کے دو ساتھی ہلاک جبکہ 6 اہلکار اغوا کیے گئے تھے، دہشتگرد آئی ای ڈیز نصب کرنے، دھماکوں میں بھی ملوث رہا علاوہ ازیں آپریشن کے بعد افغانستان فرار ہوگیا جس کے بعد دہشتگردی نیٹ ورک سے بھی منسلک رہا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق ملزم کمانڈر بلال عرف طوفان کی ہدایات پر دہشتگردی سرگرمیوں میں شامل رہا، دہشتگرد کراچی میں روپوش ہوکر نیٹ ورک منظم کر رہا تھا تاہم ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشتگرد سی ٹی ڈی کے حوالے کر دیا گیا ہے جبکہ ملزم کے خلاف مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10

کام کیا۔ ہمیں قوی امید ہے کہ بیچ کا راستہ نکلے گا۔ دنیا پاکستانی سفارت کاری کی معترف ہوگئی۔ فیلڈ مارشل کا کردار دنیا میں ابھرا ہے۔ 21 سے 24 گھنٹے ہونے والے مذاکرات اب دوسرے دور میں نتیجہ خیز ہو سکتے ہیں جسکے لئے ضروری ہے کہ اسرائیل اور امریکہ اب غیر ذمہ دارانہ رویئے سے گریز کریں اور ایران بھی دنیا کے مفاد میں اور اپنے ملک کی بہتری کے لئے سنجیدہ رویہ رکھے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں کو انشا اللہ کامیابی ملے گی اور مستقل جنگ بندی اور ایران پر عائد پابندیاں بھی ختم ہونگیں۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ اسرائیل کی مسلسل لبنان پر شورش حملے عالمی امن اور مزاکراتی عمل کو سبوتاژ رہے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ دنیا کے لئے اسرائیل دہشت گرد اور عالمی قوانین سے مبرا ہو چکا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ امن ہماری عملی کوشش ہے ثابت ہو چکا ہے اب اقوام عالم کے کردار ادا کرنے کی باری ہے۔ ہم پاکستان کو دنیا بھر میں ستائش کی نظر سے دیکھنے کو قابل تعریف اور قابل فخر سمجھتے ہیں اور معاہدے کو حتمی شکل میں دیکھنے کے خواہاں ہیں۔ پاکستان کے قیام کا مقصد ہی اسلامی دنیا کے لئے مشعل راہ ہے اور پاکستان ترقی کی تمام منازل طے کرے گا۔

بقیہ نمبر 11

سارے وعدے پیپلز پارٹی 18 سال سے کرتی آ رہی ہے، یہاں ہر آنے والا پیکج کرپشن کا دھندا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیاری ٹاؤن پیپلز پارٹی کے پاس ہے، لیاری کی ہر یونین کونسل کو دو، دو کروڑ روپے پیپلز پارٹی نے دلوائے، 13 یونین کونسلز میں دوسال میں 52 کروڑ دیئے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا 3 سالوں سے لیاری میں ٹاؤن یا پھر بلدیاتی وزیر نے کیا کام کیا؟ لیاری کی عوام کے ساتھ دھوکا کیا جاتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا کہ لیاری آج بھی پتھر کے دور میں ہے، حق دو لیاری کی عوام کو کے نام سے مہم شروع کرنے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 12

کے مطابق 16 اپریل کو گھوٹکی، 19 اپریل کندھکوٹ کشمور، 20 اپریل جیکب آباد، 21 اپریل شکارپور، 22 اپریل قمبر شہدادکوٹ، 23 اپریل لاڑکانہ، 26 اپریل دادو، 27 اپریل نوشہروفیروز، 28 اپریل خیرپور، 29 اپریل نوابشاہ اور 30 اپریل سانگھڑ میں دورے کیے جائیں گے جبکہ مئی کے آغاز میں یہ مہم میرپورخاص، عمرکوٹ، تھرپارکر، بدین، ٹھٹھہ، سجاول، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الہیار، مٹیاری، جامشورو اور حیدرآباد تک جاری رہے گی، کراچی ڈویژن میں بھی 17 مئی سے 24 مئی تک مختلف اضلاع میں سرگرمیاں ہوں گی جہاں پارٹی رہنما عوام سے رابطہ مہم کو مزید تیز کریں گے، اس مہم کا مقصد امن عالم اجتماع کو کامیاب بنانا، عوام میں شعور بیدار کرنا اور لاکھوں افراد کی شرکت کو یقینی بنانا ہے، جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی اور دیگر قائدین ہرضلع میں ضلعی وتحصیل مجالس سے خطاب کریں گے اور بعد ازاں پریس کانفرنس بھی کریں گے، رہنماؤں کے مطابق اس عظیم الشان اجتماع میں دنیا بھر سے امن کے سفیروں کی شرکت متوقع ہے جن میں کعبۃ اللہ، مسجد نبوی، مسجد اقصیٰ اور دارالعلوم دیوبند سے وابستہ شخصیات بھی شامل ہوں گی۔

بقیہ نمبر 13

برقرار رکھا جائے، مزید کشیدگی کو ہر صورت روکا جائے اور واقعے میں ملوث عناصر کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور شرپسندی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ترجمان وزیر داخلہ سندھ، سہیل احمد جوکھیو کے مطابق صورتحال پر قریبی نظر رکھی جا رہی ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک ہیں۔

بقیہ نمبر 14

امراض زیادہ تر عمر رسیدہ افراد تک محدود تھے، مگر اب 20 سے 30 سال کے نوجوان بھی اس کا شکار ہو رہے ہیں اور کئی کو فوری انجیو پلاسٹی کی ضرورت پیش آ رہی ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق ویپنگ کو ایک محفوظ متبادل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، لیکن اس میں موجود نکوٹین اور مضر کیمیکلز خون کی نالیوں کو نقصان پہنچاتے، بلڈ پریشر بڑھاتے اور دل کے دورے کے خطرات میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔ کراچی میں غیر معیاری ویپنگ مصنوعات کی آسان دستیابی، ذہنی دباؤ اور سوشل میڈیا کے اثرات نے اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ ڈاکٹرز کے مطابق ایسے افراد بھی شدید شریانوں کی بندش کے ساتھ سامنے آ رہے ہیں جنہوں نے کبھی روایتی سگریٹ نوشی نہیں کی ماہرین صحت نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ویپنگ مصنوعات، خصوصاً فلیورڈ ای لیکوئیڈز، پر سخت پابندیاں عائد کی جائیں اور نوجوانوں میں آگاہی مہم شروع کی جائے ماہرین نے کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو کراچی ایک ایسی نسل کا سامنا کرے گا جو کم عمری میں ہی دل کے سنگین امراض کا شکار ہوگی۔

بقیہ نمبر 15

شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کیا اور مذاکرات کو تاریخ کا اہم اور فیصلہ کن لمحہ قرار دے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ثابت کیا کہ سفارت کاری ایک مسلسل عمل ہے، محض ایک ایونٹ نہیں، مذاکرات کے نتائج سے خطے میں استحکام اور عالمی امن کو فروغ ملنے کی امید ہے، قومی سطح پر فخر کا لمحہ، پاکستان کی سنجیدگی، استقامت اور وقار کا مظاہرہ کیا گیا، پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی ساکھ اور اعتماد کو مزید مضبوط کیا۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل قابل اور دور اندیش قیادت کے ہاتھوں میں محفوظ ہونے کا واضح پیغام ہے، گزشتہ چار روز میں عالمی مہمانوں کیلئے اعلی معیار کے انتظامات کی مثال قائم کی گئی، پاکستان کی مہمان نوازی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان نے خود کو غیر جانبدار اور قابل اعتماد امن مذاکرات کار کے طور پر منوایا، سفارتکاری کا عروج عالمی معیار کی میزبانی کا بھرپور مظہر ہے۔ پاکستان ہمیشہ زندہ باد۔

بقیہ نمبر 16

ایف بی آر نے گریڈ 1 سے 15 تک کے ملازمین کے خلاف ڈسپلنری کیسز کا ریکارڈ مانگتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ سال 2026 کے دوران نمٹائے گئے کیسز کی مکمل رپورٹ بھی جمع کروائی جائے۔ اس کے علاوہ یکم جنوری سے 31 مارچ تک کے تمام کیسز کی تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ فیلڈ فارمیشنز کو کیسز کی کیٹیگری وائز مکمل تفصیل جمع کروانے کا کہا گیا ہے، جس میں معطل ملازمین، برطرفی، جبری ریٹائرمنٹ اور دیگر سزاؤں کا ڈیٹا بھی شامل ہوگا۔ ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ معمولی اور بڑی سزاؤں سمیت تمام فیصلوں کی تفصیلات رپورٹ میں شامل کی جائیں، جبکہ اوپننگ بیلنس، نئے کیسز اور مجموعی کیسز کا مکمل ریکارڈ بھی فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد احتساب کے عمل کو مزید شفاف بنانا اور ادارے میں نظم وضبط کو مضبوط کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 17

کے نکاس کے پراجیکٹس کی یقینی تکمیل کی ہدایت کی گئی۔ دوران اجلاس بتایا گیا کہ سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، گجرات، اوکاڑہ، جھنگ، ملتان اور سیالکوٹ میں نکاسی آب کے پراجیکٹس جاری ہیں، جہلم، حافظ آباد، ساہیوال، فیصل آباد، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب اور راولپنڈی میں بھی نکاسی آب کے پراجیکٹس پر تیزی سے کام ہورہا ہے۔ 15 شہروں کیلئے 2265 کلومیٹر طویل سیوریج لائن اور بارش کے پانی کے نکاس کیلئے 189 کلومیٹر طویل پائپ لائن بچھائی جائے گی، فیز ون میں 86 ڈسپوزل سٹیشن اور 9 انڈر گراؤنڈ سٹوریج ٹینک بنائے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ واسا سیوریج اور بارشی پانی کے نکاس کے پراجیکٹ کی تکمیل پر 752 کلو میٹر طویل سڑکیں بھی تعمیر کرائے گا، واسا کمپلیکس میں افسران کے لئے ہوسٹل بھی بنائے جائیں گے، واسا، ڈیش بورڈ اور موبائل ایپ پر جاری پراجیکٹس کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ ہوگی۔ بتایا گیا کہ واسا مون سون سے قبل بڑے پیمانے پر نالوں کی صفائی کے لئے ڈی سلٹنگ مہم بھی شروع کرے گا۔

بقیہ نمبر 18

میں مزید بہتری آئی ہے، ہم لوگ اس وقت رزلٹ کے بارے میں نہیں سوچ رہے، ہم یہ سوچ رہے ہیں کہ ہم اپنا کام کیسے بہتر کر سکتے ہیں۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ابتدائی میچز میں ٹیم سے غلطیاں ہوئیں لیکن کھلاڑی ان غلطیوں کو دور کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ ٹیم کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے صائم ایوب نے کہا کہ پچھلے 2 میچز جس طرح ہم ہارے، تو ایسا ہوتا ہے، کھلاڑیوں سے غلطیاں ہوتی ہیں، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہر میچ میں جو غلطیاں ہو رہی ہیں، ان کو کم کریں اور بہتری لائیں۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کی غیر یقینی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اتار چڑھاو ہر ٹیم کے ساتھ ہوتا ہے، پچھلے سال اسلام آباد نے پہلے 5 میچ جیتے اور آخری 5 ہارے جب کہ لاہور کو آخری میچ تک پتا نہیں تھا کہ وہ کوالیفائی کریں گے یا نہیں لیکن وہ ٹورنامنٹ جیت گئے۔

بقیہ نمبر 19

سندری اور مرزا کی ہیر میں ان کی اداکاری کو خوب سراہ رہے ہیں، جہاں وہ جذباتی اور موثر کردار ادا کر رہی ہیں۔ حنا آفریدی اپنی قدرتی طور پر صاف و شفاف جلد کی وجہ سے اسکرین پر کم سے کم میک اپ کرنے کے لیے بھی مشہور ہیں۔ حال ہی میں وہ اپنے ڈرامہ سیریل مرزا کی ہیر کی تشہیر کے سلسلے میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے بتایا کہ وہ کم یا بغیر میک اپ کے رہنا کیوں پسند کرتی ہیں۔ حنا آفریدی کا کہنا تھا کہ میرا کردار ہیر صرف تنت یا مسکارا استعمال کرتا ہے، حالانکہ میں نے اپنی جلد پر میک اپ استعمال کرنے کی کوشش کی لیکن وہ اچھا نہیں لگا۔ انہوں نے بتایا کہ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن پر میک اپ برا لگتا ہے اور میں بھی انہی میں سے ایک ہوں۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ میری والدہ نے بھی مجھے کبھی میک اپ کرنے نہیں دیا، میں نے کیمرے کے لیے میک اپ آزمایا، مگر یہ مجھ پر سوٹ نہیں کیا لہذا میں صرف تنت، لائنر اور مسکارا استعمال کرتی ہوں

بقیہ نمبر 20

مذاکرات کی میز پر لانے میں کلیدی کردار ادا کیا، پاکستان کا یہ اقدام خطے اور دنیا میں امن کے قیام کے لیے امید کی ایک کرن ہے۔ ہیومن رائٹس کونسل نے کہا کہ امید ہے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا سلسلہ جاری رہے گا، دنیا کو پہلے سیکھیں زیادہ امن، استحکام اور انسانی حقوق کے تحفظ کی ضرورت ہے، عالمی طاقتیں اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کریں۔

بقیہ نمبر 21

شریف آباد میں ایف سی ایریا ریلوے پھانک روڈ پر پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جس کی شناخت دانیال حسین عرف ڈبی کے نام سے ہوئی ہے۔ ترجمان ضلع سینٹرل پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے نائن ایم ایم پستول اور نقد رقم برآمد ہوئی، جبکہ اس کا ساتھی موٹر سائیکل پر فرار ہوگیا۔ پولیس نے فرار ملزم کی تلاش شروع کردی ہے۔ دوسری جانب ضلع کیماڑی کے تھانہ سائیٹ بی کے علاقے میں پولیس اور موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو ملزمان غلام مصطفیٰ عرف مستو اور میر مرتضیٰ زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان کیماڑی پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی پستول، راؤنڈز، موبائل فونز، پرس اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ زخمی ملزمان کو اسپتال منتقل کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ادھر ڈسٹرکٹ سٹی کے علاقے کلاکوٹ میں پولیس مقابلے کے دوران ایک ملزم عیسی زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ بعدازاں پولیس نے انکشاف کیا کہ گرفتار ملزم کا تعلق لیاری گینگ وار سے ہے اور وہ پولیس کو مختلف سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ ملزم کے خلاف سابقہ مقدمات بھی درج ہیں۔ ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس ترجمان کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں پولیس نے شہری سے واردات کے دوران ملزمان کا تعاقب کرتے ہوئے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں ایک ملزم ماجد ولد جان ولی زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ملزم سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ جبکہ ضلع ملیر کے تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن کی حدود گلستان سوسائٹی کے قریب پولیس مقابلے میں دو ملزمان مجاہد اور وجاہت زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے، جبکہ ان کے ساتھی فرار ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کے قبضے سے پستول، ایمونیشن، موبائل فونز اور نقدی برآمد ہوئی ہے۔ اسلحہ فرانزک جانچ کے لیے بھجوا دیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ ملیر، ویسٹ، سٹی اور کیماڑی سے گرفتار زخمی ملزمان کو طبی امداد کیلئے مختلف اسپتالوں میں منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 22

ہوئی ہے، جس کے باعث جرمن پمپ تک پانی کی فراہمی شدید متاثر ہے۔ مدثر انصاری نے مزید کہا کہ الحرا پمپنگ اسٹیشن تاحال غیر فعال ہے، حالانکہ اسے فعال بنانے کے وعدے کیے گئے تھے، جبکہ 13 ارب روپے کی لاگت سے بنائی گئی نہر کرپشن کی نذر ہوکر استعمال سے پہلے ہی تباہ ہوچکی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر عوام کو فوری طور پر پانی فراہم نہ کیا گیا تو شدید احتجاج کیا جائے گا، اور اگر ذمہ داران اس بنیادی مسئلے کو حل نہیں کرسکتے تو انہیں اپنی کرسیوں پر بیٹھنے کا کوئی حق نہیں، لہذا فوری مستعفی ہوجائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا پانی چوری ہورہا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں، پانی کی فراہمی شروع نہ ہوئی تو عوام کے ساتھ مل کر شاہراہ اورنگی بند کردیں گے۔

بقیہ نمبر 23

ہیں۔ گرفتار افراد کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت باقاعدہ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ پولیس نے تصدیق کی ہے کہ معاملے کی مکمل تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 24

کو اس کے ساتھی دانیال سمیت گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق زمان ٹاؤن تھانے کی حدود مصطفیٰ تاج کالونی میں خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائی کے دوران ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم عرصہ دراز سے علاقے میں گٹکا ماوا کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث تھا۔ پولیس کے مطابق سلمان عرف مانی کے خلاف گٹکا ماوا فروخت کرنے کے الزام میں تھانہ زمان ٹاؤن میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کا دعوی ہے کہ ماضی میں ملزم کو مبینہ طور پر بعض پولیس اہلکاروں کی سرپرستی حاصل رہی، تاہم حالیہ سخت ہدایات کے بعد اس کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مصطفیٰ تاج کالونی میں فخر نامی ایک اور شخص بھی خفیہ طور پر گٹکا ماوا فروخت کر رہا ہے، جس کے خلاف تاحال مؤثر کارروائی سامنے نہیں آئی۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ تمام ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو یقینی بنایا جائے تا کہ علاقے میں اس غیر قانونی کاروبار کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ نمبر 25

کی نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری پیغام میں صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ صدر نزار آمیدی کی قیادت میں عراق استحکام، ترقی اور قومی ہم آہنگی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے عراق کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 26

اگر پاکستان ثالثی نہ کررہا تو ہم کب کا یہ قدم اٹھا چکے ہوتے، نیتن یاہو خون اور نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم کے خلاف جنگی جرائم کے مقدمات درج کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جنگ بندی کے دنوں میں بھی اسرائیل نے سیکڑوں نہتے بے گناہ لبنانی شہریوں کا خون بہایا ہے۔

بقیہ نمبر 27

نے اسلام آباد میں ایران امریکا مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا۔ روسی صدر نے کہا کہ روس مشرق وسطی کے تنازع میں مفاہمت کی سہولت کاری جاری رکھنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 28

کے سپیکر محمد باقر قالیباف کی قیادت میں ایرانی وفد 10 اپریل کو رات گئے پاکستان پہنچا، اس کے بعد وفد نے کم از کم دو مرتبہ پاکستان کے آرمی چیف اور ایک مرتبہ پاکستانی وزیراعظم سے ملاقات کی تا کہ ضروری انتظامات کیے جا سکیں اور مذاکرات کے آغاز ہی میں امریکہ کی وعدہ خلافی کے خلاف باضابطہ احتجاج ریکارڈ کرایا جا سکے۔ پاکستان کے وزیر اعظم کے ساتھ مذاکرات ہفتے کے روز 11 اپریل کو دوپہر ایک بجے شروع ہوئے جس کے چند گھنٹوں بعد امریکی فریق کے ساتھ بات چیت کا آغاز ہوا۔ یہ مذاکرات 21 گھنٹے سے زائد تک جاری رہے۔ ایرنی نیوز ایجنسی نے دعویٰ کیا کہ اس دوران ایران نے بارہا اپنی تجاویز پیش کیں اور امریکی فریق کو حقیقت پسندی کی طرف لانے کی کوشش کی تاہم ہر مرحلے پر امریکہ کے حد سے زیادہ مطالبات نے کسی مشترکہ فریم ورک تک پہنچنے میں رکاوٹ ڈالی۔ امریکی موقف میں لچک نہ ہونے کے باعث 12 اپریل کو مذاکرات کسی نتیجے کے بغیر ختم ہوئے۔ خبر میں کہا گیا ہے کہ تاحال مذاکرات کے اگلے دور کے وقت، مقام اور طریق کار سے متعلق کسی پروگرام کا اعلان نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکہ روانگی سے قبل ایک مختصر پریس کانفرنس سے کے دوران کہا کہ ہمارے درمیان معاہدہ نہیں ہوسکا، ہم نے اپنی ریڈ لائن واضح کی ہے۔ انھوں نے ہماری شرائط ماننے سے انکار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ خبر امریکہ کے لیے اتنی بری نہیں جتنی کہ ایران کے لیے ہے،

بقیہ نمبر 29

مذاکرات میں شرکت کی۔ واضح رہے مذاکرات تقریبا 21 گھنٹے تک جاری رہے لیکن کوئی حتمی معاہدہ نہ ہوسکا، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی قیادت میں امریکی وفد نے بھی بغیر ڈیل کے واپس امریکہ کا رخ کیا، دونوں فریقوں نے ایک دوسرے پر الزامات لگائے۔

بقیہ نمبر 30

نے لکھا کہ ایران آبنائے ہرمز کھولنے کا وعدہ پورا کرنے میں ناکام رہا، اس کی وعدہ خلافی سے دنیا بھر میں بے چینی اور مشکلات پیدا ہوئیں، تہران نے سمندر میں بارودی سرنگیں بچھانے کا دعوی کیا حالانکہ ایرانی بحریہ اور بارودی سرنگیں بچھانے والی کشتیاں تباہ ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں شاید بارودی سرنگیں نہ ہوں لیکن کون خطرہ مول لے گا؟ کوئی شپنگ کمپنی نہیں چاہے گی کہ اس کا جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے۔

بقیہ نمبر 31

کرتے ایران تک پہنچ چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کا ظلم اسلامی ممالک کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، مسلمان فاتح ہیں اور فاتح رہیں گے، بیت المقدس ایک دن مسلمانوں کا ہوگا ان شا اللہ وہاں عبادت کریں گے۔ اپنا موقف دہرانا چاہتے ہیں کہ دستور پاکستان اسلامی اصولوں کا تقاضا کرتا ہے۔ ہمیں آئین جو راستہ دکھاتا ہے اس کے مطابق چلنا چاہیے۔ حلف کی خلاف ورزی کرنا مسلمان کی علامت نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 32

کی ٹیکس چھوٹ دیے جانے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی کمپنیوں میں پی ایس او، او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل اور جی ایچ پی ایل شامل ہیں۔ مجوزہ آئل ریفائنری کی یومیہ پیداواری صلاحیت 4 لاکھ بیرل تک ہوسکتی ہے، پاکستانی کمپنیوں کی منصوبے میں 40 سے 45 فیصد تک شراکت کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 33

گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ جیسے ہی کینال میں پانی کی سطح معمول پر آئے گی، حب پمپنگ اسٹیشن سے متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بتدریج بحال ہو جائے گی۔ اس منصوبے کے تحت زیرو پوائنٹ حب کینال کے اپ اسٹریم کو ڈاؤن اسٹریم سے ملانے کے لیے ایک جدید انٹیک چیمبر تعمیر کیا گیا ہے، جس کے ذریعے دونوں کینالز کو حب ڈیم سے مؤثر انداز میں منسلک کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس اہم ترقیاتی اقدام سے ضلع غربی اور ضلع کیماڑی میں پانی کی فراہمی میں نمایاں بہتری متوقع ہے، جس سے شہریوں کو درپیش پانی کی قلت میں کمی آئے گی۔ ترجمان کے مطابق شہریوں کو بہتر، مؤثر اور بلا تعطل پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 34

کہہ رہا ہوں ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار کی اجازت نہیں دی جائے گی، اگر غیر مستحکم اور غیر متوقع افراد کے پاس جوہری طاقت آ جائے تو مذاکرات کی کوئی اہمیت نہیں، سوشل میڈیا پر بیان میں امریکی صدر نے کہا کہ امریکی نیوی فوری طور پر آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کرے گی، جو بھی ہمارے جہازوں پر فائرنگ کرے گا اسے تباہ کریں گے، ہم آبنائے ہرمز پر بارودی سرنگوں کو تباہ کرنا شروع کریں گے، ناکہ بندی ہوگی اور دوسرے ممالک بھی اس میں شامل ہونگے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اپنی نیوی کو کہا ہے ایران کو ٹول دینے والے جہازوں کو تلاش کریں، جو بھی ایران کو ٹول ادا کرے گا اسے محفوظ راستہ نہیں ملے گا، ہمیں لگا تھا آبنائے ہرمز پر جہازوں کو آزادانہ آنے جانے کی اجازت ہوگی مگر ایران نے ایسا ہونے نہیں دیا۔ امریکی صدر نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف غیر معمولی شخصیات ہیں، فیلڈ مارشل اور وزیر اعظم نے بھارت کے ساتھ جنگ بندی پر بارہا میرا شکریہ ادا کیا، میں یہ سن کر ہمیشہ فیلڈ مارشل اور وزیر اعظم کی قدر کرتا ہوں، انسانیت کے حوالے سے جو باتیں کی گئیں وہ ناقابل بیان ہیں۔

بقیہ نمبر 35

بالادستی کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ مرضی کی ترامیم سے آئین کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے، عدلیہ ہی نہیں انصاف کے پورے نظام کو تباہ کر دیا گیا، امیر انصاف خرید لیتا ہے اور غریب انصاف کے لئے ساری زندگی عدالتوں کے دھکے کھاتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ وکلا برادری آئین کی بحالی کے مشن کو لیکر اٹھیں، عدلیہ کی آزادی اور آئین کی بحالی جماعت اسلامی کی بدل دو نظام تحریک کا بنیادی نقطہ ہے، ہمارا نظام انصاف ایک تعفن زدہ لاش بن چکا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آئین کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے اعلی عہدوں پر فائز ہو جاتے ہیں، اقتدار پر مافیاز نے قبضہ کرلیا ہے، احتساب کا کوئی نظام نہیں، ٹیکس غریب، کسان اور تنخواہ دار طبقہ دیتا ہے، سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر کے 25 ہزار سے زائد ملازمین ہاتھ پر ہاتھ دھرے دفتروں میں بیٹھے رہتے ہیں، عوام کی تائید کے بغیر کوئی حکومت مشکل حالات کا مقابلہ نہیں کرسکتی، موٹر سائیکل سوار مزدوروں اور طالب علموں سے روزانہ پٹرول لیوی کی مد میں کروڑوں روپے اکٹھے کئے جا رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ عوام ہماری بدل دو نظام تحریک میں جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں، وکلا آئین کے تحفظ اور قانون کی بالا دستی کے لئے جماعت اسلامی کی تحریک کا ساتھ دیں۔

بقیہ نمبر 36

عمل اور جنگ بندی جاری رکھیں گے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے پریس بریفنگ میں بتایا کہ امید کرتے ہیں دونوں ملک خطے اور دنیا میں پائیدار امن اور خوشحالی کیلیے مثبت سوچ سے آگے بڑھیں گے، دونوں ملکوں نے وزیراعظم شہباز شریف کی درخواست پر مثبت ردعمل دیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ ضروری ہے دونوں ملک جنگ بندی جاری رکھنے کے عزم پر قائم رہیں، مذاکراتی عمل میں شریک ایران اور امریکا کے وفود کا شکر گزار ہوں، پاکستان دونوں ملکوں کے درمیان مذاکراتی عمل میں سہولت کاری کا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ امریکی وفد نائب صدر جے ڈی وینس کی قیادت میں پاکستان آیا، سپیکر محمد باقر قالیباف کی قیادت میں ایرانی وفد نے مذاکرات میں شرکت کی، دونوں فریقوں کے درمیان جامع اور تعمیری مذاکرات کے متعدد دور ہوئے، میں نے بطور نائب وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے مذاکراتی عمل میں معاونت کی۔ اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کی جانب سے پاکستان کے مثبت کردار کو تسلیم کیے جانے پر ان کے مشکور ہیں، امید ہے کہ امریکہ اور ایران امن کے لیے بات چیت کا عمل جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 37

وفد پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا نے ایران کی منطق اور اصولوں کو سمجھ لیا ہے، اب وقت آگیا ہے کہ وہ فیصلہ کریں ہمارا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں یا نہیں؟ ایرانی سپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے ایکس پر لکھا ہے کہ ایرانی وفد میں میرے ساتھیوں نے مستقبل کی جانب دیکھتے ہوئے تجاویز پیش کیں، مخالف فریق اس مرحلے میں ایرانی وفد کا اعتماد حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات سے قبل اس بات پر زور دیا کہ ہمارے پاس ضروری حسن نیت اور ارادہ موجود ہے، لیکن گزشتہ دو جنگوں کے تجربات کی وجہ سے ہمیں مخالف فریق پر اعتماد نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ہر محاذ کو، فوجی جدوجہد کے ساتھ ساتھ، اقتدار کی سفارت کاری کا ایک اور ذریعہ سمجھتے ہیں تا کہ ایرانی قوم کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے، اور ہم ایران کے قومی دفاع کے چالیس دنوں کی کامیابیوں کو مستحکم کرنے کی کوششوں میں ایک لمحے کے لیے بھی کمی نہیں آنے دیں گے۔ محمد باقر قالیباف نے کہا کہ میں اپنے دوست اور برادر ملک پاکستان کا بھی شکر گزار ہوں، جس نے ان مذاکرات کے عمل کو آسان بنانے میں کردار ادا کیا، اور میں پاکستان کے عوام کو سلام پیش کرتا ہوں۔

بقیہ نمبر 38

فاتح کو اپنی جیت کا اعلان دہرانے کی ضرورت نہیں پڑتی، نیتن یاہو اور ان کی حکومت کو گھر بھیجنے کا وقت آ گیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک بڑا ہدف حاصل کیا ہے جو بہت بڑا اعزاز ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے رابطہ کاری سے امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر بٹھا دیا، 47 سالہ معاملہ حل کرنے میں ایک دو گھنٹے نہیں لگتے، اسلام آباد میں اعلی سطح وفود کا آنا ہی اہم تھا جو آ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی و دیگر اعلی حکام اسلام آباد میں موجود ہیں، وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے کے امن کیلیے کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ فریقین کچھ بھی فائنل کرنے سے پہلے اپنی قیادت سے مشورہ کریں گے، ایک روزہ مذاکرات کے بعد وفود نے جانا تھا لیکن معاملہ آگے بھی بڑھ سکتا ہے، پاکستان نے فریقین کو جنگ سے مذاکرات پر لا کر اپنا کردار ادا کر دیا۔ گفتگو میں اعظم نذیر تارڑ نے یہ بھی کہا کہ اسرائیل کے حزب اللہ پر حملے کوئی سرپرائز نہیں، دنیا جانتی ہے کہ اسرائیل کے مقاصد کچھ اور ہیں۔

بقیہ نمبر 40

نائب صدر نے بتایا کہ ہم مسلسل صدر سے رابطے میں تھے، مجھے نہیں معلوم کہ گذشتہ 21 گھنٹوں میں کتنی بار بات ہوئی ہو گی، شاید ایک درجن مرتبہ۔ انہوں نے بتایا کہ ہم ایڈمرل کوپر، مارکو، اور پیٹ اور پوری نیشنل سیکیورٹی ٹیم سے رابطے میں تھے، ہم مسلسل رابطے میں تھے کیونکہ ہم نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہاں ایک انتہائی سادہ سی تجویز ساتھ جا رہے ہیں کہ افہام وتفہیم کا ایک طریقہ کار وضع کیا جائے، یہ ہماری حتمی اور بہترین پیشکش ہے، دیکھنا ہے کہ ایرانی اسے قبول کرتے ہیں یا نہیں۔

بقیہ نمبر 41

جیکب آباد پہنچیں گے جہاں وہ پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین جکھرانی کے والد سابق پارلیمنٹرین میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر تعزیت کریں گے، پیپلز پارٹی ضلع جیکب آباد کے صدر میر لیاقت خان لاشاری کے مطابق بلاول بھٹو زرداری جکھرانی ہاؤس پہنچ کر مرحوم کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کریں گے اس موقع پر پارٹی کے مقامی وصوبائی رہنما بھی موجود ہوں گے، ذرائع کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو بھی کریں گے، دورے کے دوران بلاول بھٹو زرداری جکھرانی ہاؤس میں ظہرانے میں شرکت کریں گے اور پارٹی رہنماؤں و کارکنان سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔

بقیہ نمبر 42

نے مزید کہا کہ فیصل آباد کی مصنوعات دنیا بھر میں پاکستان کی برانڈ ایمبیسیڈر ہیں، بالخصوص ٹیکسٹائل مصنوعات جیسے سوتی دھاگہ، کاٹن، چادریں، تولیے اور ہوزری عالمی سطح پر پاکستان کی پہچان بن چکی ہیں۔ اس سے قبل وفد، جس کی قیادت صدر ایف سی سی آئی فاروق یوسف شیخ کر رہے تھے، نے گورنر سندھ کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کی عوامی خدمات کو سراہا۔ ملاقات کے دوران ملکی معاشی صورتحال، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور صنعت و تجارت کے استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدر ایف سی سی آئی فاروق یوسف شیخ نے صنعتوں کو درپیش مسائل اور برآمدات میں اضافے کے حوالے سے گورنر سندھ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد نے فیصل آباد کی صنعتوں کو انڈسٹریل زونز میں منتقل کرنے کے مسئلے پر وفاقی حکومت سے بات کرنے کی درخواست بھی کی۔ مزید برآں صدر ایف سی سی آئی نے گورنر سندھ کو رواں ماہ لاہور میں منعقد ہونے والی فیصل آباد ایکسپو میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی دعوت دی، جسے گورنر سندھ نے شکریہ کے ساتھ قبول کرلیا۔

بقیہ نمبر 43

ادرک کی سرکاری قیمت 285 اور مارکیٹ ریٹ 350 روپے کلو ہے، اسی طرح پیاز کی سرکاری قیمت 62 روپے فی کلو ہے لیکن مارکیٹ میں 70 سے 75 روپے کلو میں فروخت ہورہا ہے۔ اس کے علاوہ سبز مرچ کی سرکاری قیمت 105 روپے فی کلو ہے جس کا مارکیٹ ریٹ 180 روپے کلو ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر چیز مہنگی کردی گئی ہے اور ٹماٹر بھی پہنچ سے دور ہوگیا ہے، حکومت سے مطالبہ ہے کہ روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں میں کمی کی جائے۔ ادھر دکانداروں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹ کا خرچہ بڑھ گیا ہے، اسی لیے مہنگی سبزی بیچنا مجبوری ہے۔

بقیہ نمبر 44

ے کنوینر اسپیشل سیکرٹری محکمہ جامعات و بورڈز ہوں گے، جبکہ چیئرمین ٹیکنیکل بورڈ اور ایڈیشنل سیکرٹری (بورڈز) بطور ممبران شامل کیے گئے ہیں۔ تحقیقاتی کمیٹی اس بات کا تفصیلی جائزہ لے گی کہ امتحانات سے قبل یا دوران امتحان مراکز کن وجوہات کی بنیاد پر تبدیل کیے گئے۔ ساتھ ہی یہ بھی دیکھا جائے گا کہ آیا اس عمل میں مالی مفاد، اقربا پروری یا غیر قانونی اثر ورسوخ شامل تھا یا نہیں۔ مزید برآں، کمیٹی امتحانی مراکز کی الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں، ملی بھگت اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات کی بھی چھان بین کرے گی۔ صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے واضح کیا ہے کہ کمیٹی ملوث افسران اور ملازمین کی نشاندہی کرے گی، اور اگر کوئی بھی فرد قصوروار پایا گیا تو اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 45

کرتا ہے، پاکستان نے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت صاف ہو اور کوشش مسلسل ہو تو ناممکن بھی ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ جب تاریخ اس عہد کا تذکرہ کرے گی تو پاکستان کا نام ایک ذمہ دار اور امن پسند ریاست کے طور پر نمایاں ہوگا، ایسے حالات میں جب پورا خطہ کشیدگی کی لپیٹ میں تھا، پاکستان نے تدبر، سنجیدگی اور دوراندیش قیادت کے ذریعے حالات کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مسلسل اور مخلصانہ سفارتی کاوشوں نے نہ صرف تناؤ کم کیا بلکہ ایک مؤثر جنگ بندی کی راہ بھی ہموار کی۔ ان کی قیادت میں فریقین کو بات چیت پر آمادہ کرنا ایک بڑی کامیابی تھی جو پاکستان کی مثبت عالمی ساکھ کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن کا قیام فوری نہیں ہوتا بلکہ یہ صبر، حکمت اور مستقل مزاجی کا تقاضا کرتا ہے۔ پاکستان نے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت صاف ہو اور کوشش مسلسل ہو تو ناممکن بھی ممکن بنایا جا سکتا ہے، وہ دن دور نہیں جب خطہ مکمل طور پر امن کا گہوارہ بنے گا۔ یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے مفادات کا محافظ ہے بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک مؤثر آواز ہے۔ اسلام آباد نے ایک بار پھر امید اور استحکام کے مرکز کے طور پر اپنا کردار منوایا ہے۔

پاکستان میں پولیو کیسز میں کمی خوش آئند لیکن خطرہ برقرار ہے

آصفہ بھٹو

2025 میں ملک بھر میں رپورٹ ہونے والے 31 پولیو کیسز کے مقابلے میں اس سال اب تک صرف ایک کیس ریکارڈ کیا گیا ہے

اپنے بچوں کو معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے علاوہ ہر مہم کے دوران ویکسین لگوانا یقینی بنائیں، والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں پر زور

اسلام آباد(ویب ڈیسک) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 2025 میں ملک بھر میں رپورٹ ہونے والے 31 پولیو کیسز کے مقابلے میں اس سال اب تک صرف ایک کیس ریکارڈ کیا گیا ہے۔ تاہم، خطرہ برقرار ہے۔ عوام سے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 13 اپریل سے ملک بھر میں ایک بڑی پولیو ویکسینیشن مہم شروع ہو رہی ہے، جس کا مقصد پانچ سال سے کم عمر کے 45 ملین سے زائد بچوں کو اس بیماری سے بچانا ہے۔ اتوار کو جاری ہونے والے ایک بیان میں، انہوں نے ملک کو وائرس کے خلاف اپنی دیرینہ جنگ میں ایک "نازک موڑ" پر قرار دیا، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ آنے والا مرحلہ "آخری مرحلہ" ہے جہاں ہر ایک بچے کو ٹیکہ لگانا سب سے اہم ہے۔13 سے 19 اپریل تک جاری رہنے والی اس ہفتہ بھر کی مہم میں فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز شہری مراکز اور دور دراز کی کمیونٹیز میں گھر گھر جا کر دورے کریں گے۔ منہ سے پلائے جانے والے پولیو کے قطروں کے علاوہ، نوجوانوں کو ان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

امریکا سمجھتا تھا خامنہ ای کو شہید کرکے وہ ایران پر قبضہ کرلے گا، راجہ ناصر عباس

اسلام آباد(ویب ڈیسک) مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ امریکا سمجھتا تھا کہ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کو شہید کرنے کے بعد وہ ایران پر قبضہ کرلے گا۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ یہ اسلامی ممالک کی بھی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

لاہور میں سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ، ٹماٹر 200 روپے کلو ہوگیا

لاہور(ویب ڈیسک) سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق لاہور میں ٹماٹر کی قیمت 200 روپے کلو ہوگئی ہے جبکہ لہسن کی سرکاری قیمت 550 اور مارکیٹ ریٹ 600 روپے کلو ہوگیا ہے۔ ادرک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

گورنر سندھ سے فیصل آباد چیمبر کے وفد کی ملاقات

کراچی(ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ صنعت وتجارت کے فروغ کے لیے وفاقی سطح پر تعاون بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ملک کا اہم صنعتی مرکز ہے جبکہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ گورنر سندھ نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی میں امتحانی مراکز کی تبدیلی، قیام اور مبینہ بدعنوانی کے معاملے پر اہم پیش رفت

کراچی(ویب ڈیسک) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی میں امتحانی مراکز کی تبدیلی، قیام اور مبینہ بدعنوانی کے معاملے پر اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ صوبائی وزیر برائے جامعات و تعلیمی بورڈز محمد اسماعیل راہو کی ہدایت پر سیکریٹری جامعات نے اعلی سطحی فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے۔ حکام کے مطابق کمیٹی 15 روز کے اندر تحقیقات مکمل کر کے اپنی رپورٹ صوبائی وزیر کو پیش کرے گی۔ کمیٹی کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

کراچی: کورنگی سیکٹر-48 بی میں ناقص سیوریج نظام کی وجہ سے حکام کی غفلت نمایاں

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آج جیکب آباد پہنچیں گے

جیکب آباد(ویب ڈیسک) بلاول بھٹو زرداری آج (پیر) جیکب آباد پہنچیں گے، میر بابل خان جکھرانی کے انتقال پر تعزیت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آج 13 اپریل کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

جی ڈی وینس کا ایک درجن سے زائد بار امریکی صدر سے رابطہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کی ثالثی میں امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے دوران امریکی نائب صدر جی ڈی وینس کی ایک درجن سے زائد بار امریکی صدر ٹرمپ سے رابطہ ہوا۔ اتوار کو پریس بریفنگ کے دوران جے ڈی وینس سے سوال کیا گیا کہ مذاکراتی عمل کے دوران ان کا صدر ٹرمپ سے کتنی بار رابطہ ہوا جس کے جواب میں امریکی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

سندھ پولیس کو پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں 33 فیصد کمی کرنیکا حکم

فیول کریڈٹ لمٹ عبور کرنے پر سخت کارروائی ہوگی‘ خلاف ورزی کرنے والے یونٹس ہیڈ اور موٹر ٹرانسپورٹ آفیسر کے خلاف تادیبی کارروائی ہوگی

آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی جانب سے ایڈیشنل آئی جیز، ڈی آئی جیز‘ ایس ایس پیز، ایس پیز سندھ اور تمام اے آئی جیز سندھ کو حکم نامی جاری

کراچی (ویب ڈیسک) پولیس اسٹیشنز کے علاوہ سندھ پولیس کے تمام یونٹس کو پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال میں 33 فیصد کمی کرنے کا فوری حکم جاری کردیا، فیول کریڈٹ لمٹ عبور کرنے پر سخت کارروائی ہوگی خلاف ورزی کرنے والے یونٹس ہیڈ اور موٹر ٹرانسپورٹ آفیسر کے خلاف تادیبی کارروائی ہوگی۔۔ سندھ حکومت کی کفایت شعاری مہم میں سندھ پولیس بھی پیش ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

فیلڈ مارشل کا کردار دنیا میں ابھرا ہے، عشرت العباد خان

کراچی(ویب ڈیسک) سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار نے شاندار میزبانی کرکے ایران امریکہ کشیدگی کو برف پگھلانے کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

ایران نے خدشات کے باوجود کمٹمنٹ کو پورا کیا، شیری رحمان

جنگ کی وجہ سے پوری دنیا لپیٹ میں آنے والی تھی، اب مذاکرات کا ماحول بن چکا ہے‘ گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ایران نے خدشات کے باوجود کمٹمنٹ کو پورا کیا۔ ایک انٹرویو میں سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ اسلام آباد میں مذاکرات کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے، امید ہے یہ آگے بھی جاری رہے گا، ساری دنیا پاکستان کی شکر گزار ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ جنگ کی وجہ سے پوری دنیا لپیٹ میں آنے والی تھی، اب مذاکرات کا ماحول بن چکا ہے، پاکستان کا کردار تاریخی نوعیت کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

پاکستان پولیس ویمن ٹیبل ٹینس ٹیم نے قومی چیمپئن شپ 2026 جیت لی

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان پولیس ویمن ٹیبل ٹینس ٹیم نے پشاور میں منعقدہ 61 ویں قومی چیمپئن شپ 2026 کے سخت مقابلے میں نمایاں کانسی کا تمغہ جیتا۔ قومی ایونٹ میں مدمقابل ٹیموں کی ایک مضبوط لائن اپ شامل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائی، فتنہ الخوارج کا مطلوب دہشتگرد گرفتار

دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن اور بارودی مواد برآمد کرلیا گیا، ترجمان رینجرز

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی کے سائٹ ایریا میں رینجرز اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے مطلوب دہشتگرد نورعالم عرف وفادار کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن اور بارودی مواد برآمد کر لیا گیا، گرفتار دہشتگرد 2014 میں مفتی نور ولی گروہ میں شامل ہوا تھا جبکہ دہشتگرد جنوبی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز پر حملوں میں بھی ملوث رہا۔ انہون نے بتایا کہ ملزمان پر 2021 میں لیویز ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

لاڑکانہ میں مزدور اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے گندم کی فصل کاٹتے ہیں

کراچی: بہادرآباد سے اسٹریٹ کرائم میں ملوث مسلح ملزمان گرفتار

گرفتار افراد کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت باقاعدہ مقدمات درج کرلیے گئے

کراچی(ویب ڈیسک) قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں نے آج بہادرآباد کے علاقے سے اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزمان کو حراست میں لے کر اسلحہ اور مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ کراچی پولیس کے اعلامیے کے مطابق، یہ کارروائی ایسٹ زون کے دائرہ اختیار میں آنے والے بہادرآباد تھانے کے اہلکاروں نے کی۔ حکام نے ملزمان کے قبضے سے متعدد اشیا برآمد کیں۔ قبضے میں لیے گئے سامان میں دو 9 ایم ایم پستول بمعہ ایمونیشن، ایک موٹر سائیکل اور دو موبائل فون شامل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

کوراوی دریا میں کچرا پھینکے جانیکی وجہ سے لاہور میں آلودگی کے خدشات پیدا ہوگئے

اورنگی ٹاؤن میں پانی کا بحران، جماعت اسلامی کا احتجاج کا انتباہ

پانی کی فراہمی شروع نہ ہوئی تو عوام کے ساتھ مل کر شاہراہ اورنگی بند کردیں گے، مدثر انصاری

کراچی(ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی ضلع غربی مدثر انصاری نے اورنگی ٹاؤن میں جاری شدید پانی بحران پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مکمل حکمرانی کے باوجود عوام بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جو بدترین نااہلی اور بدانتظامی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوسی 1، یوسی 2 اور یوسی 7 سمیت آدھے سے زائد علاقے گزشتہ سات ماہ سے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، جبکہ 24 انچ کی لائن سے پانی چوری ہونے کے باوجود انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

لیاری کو پیرس بنانے کا وعدہ 18 سال سے کیا جارہا

منعم ظفر

3 سالوں سے لیاری میں ٹاؤن یا پھر بلدیاتی وزیر نے کیا کام کیا؟ لیاری کی عوام کے ساتھ دھوکا کیا جاتا ہے

لیاری آج بھی پتھر کے دور میں ہے، حق دو لیاری کی عوام کو کے نام سے مہم شروع کرنے جارہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

کراچی(ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا ہے کہ لیاری کو پیرس بنانے کا وعدہ 18 سال سے کیا جارہا ہے۔ کراچی میں لیاری آٹھ چوک پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے منعم ظفر کا کہنا تھا کہ ناصر حسین شاہ نے لیاری ٹرانسمیشن پروجیکٹ کا اعلان کیا، لیاری کی سڑکیں بنائی جائیں گی، یہ بھی کہا گیا کہ سیوریج کا نظام ٹھیک ہوگا اور صاف پانی آئے گا، یہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

کورنگی میں گٹکا ماوا کے خلاف کارروائی، مبینہ بڑا ڈیلر گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک) ڈی آئی جی ایسٹ فرخ لنجار کی جانب سے گٹکا و ماوا کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے سلسلے میں پولیس نے ضلع کورنگی کے علاقے رحیم آباد میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ بڑے ڈیلر سلمان عرف مانی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

زیرو پوائنٹ حب کینال پر جاری ترقیاتی کام کامیابی سے مکمل

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق زیرو پوائنٹ حب کینال پر جاری ترقیاتی کام کامیابی سے مکمل کرلیا گیا ہے۔ منصوبے کی تکمیل کے بعد حب ڈیم سے حب کینال میں پانی کی فراہمی باقاعدہ طور پر شروع کر دی گئی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

راولپنڈی: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، سفاری ریلوے ٹرین کا افتتاح کررہے ہیں

نوجوانوں میں ویپنگ کا بڑھتا رجحان، دل کے امراض میں خطرناک اضافہ

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی میں نوجوانوں میں ویپنگ کا تیزی سے بڑھتا ہوا رجحان تشویشناک صورتحال اختیار کررہا ہے، جس کے نتیجے میں دل سے متعلق ہنگامی کیسز میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ ماضی میں دل کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

ایف بی آر کا احتساب سخت، کسٹمز ملازمین کے ڈسپلنری ریکارڈ طلب

لاہور(ویب ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ڈسپلنری نظام میں شفافیت اور مانیٹرنگ مزید موثر بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے کسٹمز ملازمین کے خلاف کارروائیوں کی مکمل تفصیلات طلب کر لی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

پاکستان نے خود کو غیر جانبدار اور قابلِ اعتماد امن مذاکرات کار کے طور پر منوایا، مریم اورنگزیب

سفارتکاری کا عروج عالمی معیار کی میزبانی کا بھرپور مظہر ہے، پاکستان ہمیشہ زندہ باد

لاہور(ویب ڈیسک) سینئر وزیر پنجاب اور رہنما مسلم لیگ (ن) مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ مذاکرات کے نتائج سے خطے میں استحکام اور عالمی امن کو فروغ ملنے کی امید ہے۔ اسلام آباد مذاکرات پر لیگی رہنما مریم اورنگزیب نے ردعمل دیتے ہوئے وزیراعظم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 7 ملزمان گرفتار، متعدد فرار

کراچی(ویب ڈیسک) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور اسٹریٹ کرمنلز کے درمیان ہونے والے مبینہ مقابلوں کے دوران 7 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ سینٹرل کے علاقے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

ہیومن رائٹس پاکستان نے ایران امریکا مذاکرات کو مثبت قرار دیدیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) ہیومن رائٹس کونسل آف پاکستان کہا ہے کہ ایران امریکا مذاکرات میں پاکستان کے تعمیری اور موثر کردار کو سراہتے ہیں۔ ایچ آر سی پی کی جانب سے جاری بیان میں نے کہا گیا کہ پاکستان نیدونوں ممالک کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

مریم نواز کا نکاسی آب کے پراجیکٹس جون سے قبل مکمل کرنیکا ہدف

وزیراعلی مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں 15 شہروں میں واسا کمپلیکس ڈیزائن کی منظوری دی گئی

واسا مون سون سے قبل بڑے پیمانے پر نالوں کی صفائی کے لئے ڈی سلٹنگ مہم بھی شروع کرے گا، اجلاس کو بریفنگ

لاہور(ویب ڈیسک) وزیراعلی مریم نواز شریف نے نکاسی آب کے پراجیکٹس جون سے پہلے مکمل کرنے کا ہدف دے دیا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں 15 شہروں میں واسا کمپلیکس ڈیزائن کی منظوری دی گئی اور جاری نکاسی آب کے پراجیکٹس پر 24 گھنٹے کام کرنے کا حکم دیا گیا۔ مون سون سے قبل سیوریج لائن اور بارشی پانی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

نامور پاکستانی اداکارہ حنا آفریدی نے میک اپ نہ کرنے کی وجہ بتادی

کراچی(ویب ڈیسک) نامور پاکستانی اداکارہ حنا آفریدی نے میک اپ نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ حنا آفریدی ایک ابھرتی ہوئی پاکستانی ماڈل اور ٹیلی ویژن اداکارہ ہیں جو اپنی شاندار اداکاری اور دلکش اسکرین موجودگی کی وجہ سے جانی جاتی ہیں۔ ان کے نمایاں ڈراموں میں پہلی سی محبت، راجا رانی، کچا دھاگا، شامل ہیں اور اس وقت ناظرین غلام بادشاہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

قربانی کے جانور کراچی کی عارضی منڈی میں خریداروں کے منتظر ہیں

جنگوں سے دنیا قائم نہیں رہ سکتی، امن کا راستہ ہی واحد حل ہے، حنیف عباسی

پاکستانی عوام بھی جانتی ہیں کہ ملک بہت اہم کام کررہا ہے اور لوگ مبارکباد دے رہے ہیں

راولپنڈی(ویب ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ پاکستان نے ایران امریکا کے مابین امن مذاکرات کے لیے کردار ادا کرکے ثابت کیا کہ امن کے پیامبر ہیں، پیش رفت کو اس طرح لیا جائے کہ امن تک پہنچیں گے، جنگوں سے دنیا قائم نہیں رہ سکتی، امن کا راستہ ہی واحد حل ہے۔ راولپنڈی ریلوے سٹیشن پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آج پاکستان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

کامیاب سفارت کاری کا کریڈٹ صدر، وزیراعظم اور عسکری قیادت کو جاتا ہے، گورنر پنجاب

ساہیوال(ویب ڈیسک) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ کامیاب سفارت کاری کا کریڈٹ وزیراعظم، عسکری قیادت اور صدر کو جاتا ہے۔ پنجاب کے شہر ساہیوال میں ضلعی صدر پیپلز پارٹی ذکی چودھری کی رہائش گاہ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

کئی ملکوں کا سفر، پاکستانی خاتون بائیکر نے مثال قائم کردی

بائیک چلاکر خواتین کو بااختیار ہونے کا پیغام دینا چاہتی ہیں، پاکستانی نژاد برطانوی بائیکر گل افشاں

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان کی بہادر ایڈونچر بائیکر گل افشاں نے کئی ممالک میں موٹرسائیکل پر سفر کر کے مثال قائم کردی۔ خصوصی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ دنیا بھر میں بائیک چلاکر خواتین کو بااختیار ہونے کا پیغام دینا چاہتی ہیں۔ انہوں نے بتایا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

کراچی: کورنگی کے علاقے میں بجلی کا پول عوامی حفاظت کے لیے خطرہ بنا ہوا ہے

جے یو آئی سندھ کا عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا اعلان

عوامی رابطہ مہم کا باقاعدہ آغاز 15 اپریل کو سکھر سے ہوگا‘ ڈاکٹر اے جی انصاری

جیکب آباد(ویب ڈیسک) جمعیت علماء اسلام سندھ نے تاریخ ساز امن عالم اجتماع کی کامیابی کے لیے صوبہ بھر میں ایک ماہ پر مشتمل عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا اعلان کردیا ہے، مہم کی قیادت صوبائی سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو کریں گے، جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری کے مطابق مہم کا باقاعدہ آغاز 15 اپریل کو سکھر سے ہوگا جس کے بعد صوبے کے مختلف اضلاع میں جلسوں، اجتماعات اور عوامی رابطہ پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا، شیڈول ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

پشاور کی رنگ روڈ پر ایک محنت کش خاندان کی کفالت کے لیے چشمے فروخت کررہا ہے

روہڑی میں پانچ افراد زخمی، وزیرداخلہ سندھ کا نوٹس، رپورٹ طلب

شرپسندی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ضیاء الحسن لنجار

کراچی(ویب ڈیسک) صوبہ سندھ کے شہر روہڑی میں دو گروپس کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ وزیرداخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے ایس ایس پی سکھر سے فوری طور پر رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیرداخلہ سندھ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جائے اور ان کے علاج معالجے کے لیے تمام تر سہولیات بروئے کار لائی جائیں۔ انہوں نے پولیس حکام کو ہدایت دی کہ علاقے میں امن و امان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

ہم رزلٹ کے بارے میں نہیں سوچ رہے، کھلاڑی غلطیوں کو دور کرنے پر کام کررہے ہیں، صائم ایوب

TCL
PAKISTAN

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کی ٹیم حیدرآباد کنگز مین کے نوجوان کھلاڑی صائم ایوب نے کہا ہےکہ ٹیم کا ماحول مثبت ہے اور کھلاڑی نتائج کے بجائے اپنی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دے رہے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے صائم ایوب نے کہا کہ خراب اسٹارٹ کے باوجود ڈریسنگ روم کا ماحول بہت اچھا ہے اور اس میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18